درجہ ثانیہ کے نصاب میں شامل ''علم الصیغہ'' کا بہترین خلاصہ بنام

جدید اضافہ شدہ رنگین ایڈیشن

مؤلف

مفتی حفظ الرحمن صاحب

فاضل و مدرس

جامعہ عربیہ مرکزیہ تجوید القرآن سرکروڈ گوئٹہ

کتاب کا نام .... تلخیص علم الصیغہ

مؤلف .... مفتی حفظ الرحمٰن صاحب

سن طباعت جدید .... اپریل 2021

فون نمبر: 03331251960

ای میل: hifzrahman8@gmail.com

پیش لفظ

نحمده و نصلی و نسلم علیٰ رسوله الکریم امابعد

یہ بات عیاں ہے کہ علم صرف علومِ عربیہ میں بہت ہی اہمیت کا حامل ہے، چنانچہ قرآن وحدیث اور علوم عربیہ کا سمجھنا جن علوم کے سمجھنے پر موقوف ہے ان میں علمِ صرف اولین درجے میں ہے، علم صرف میں جہاں اور کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں علم الصیغہ بھی افادیت کے لحاظ سے کافی جامع کتاب ہے، لیکن چونکہ یہ کتاب فارسی زبان میں ہے اس لیے اس سے کما حقہ فائدہ حاصل کرنا آج کل کے طلباء کے لیے کچھ آسان نہیں کیونکہ فارسی زبان سے اب اتنی دلچسپی نہیں رہی جتنی اردو اور عربی زبان سے ہے، یہی وجہ ہے کہ اکثر طلباء اس کتاب کو نظر انداز کرتے ہیں حالانکہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نصاب کے مطابق درجہ اولیٰ میں ارشاد الصرف کے بعد درجہ ثانیہ میں فنِ صرف کے متعلق یہی آخری کتاب ہے، اس کے بعد دورہ حدیث تک اس فن کے متعلق اور کوئی کتاب شاملِ نصاب نہیں، ایسی حالت میں اس کتاب کے ساتھ طلبہ کا ایسا برتاؤ ناقابل تلافی نقصان کا باعث بن سکتا ہے جس سے علم دین کی فہم میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔ اس بے توجہی وعدم دلچسپی کو دیکھ کر دل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ اس کتاب کا ایسا خلاصہ لکھا جائے جو طلبہ کے ذہن کے مطابق آسان اور عام فہم ہو تاکہ کتاب کے سمجھنے میں کوئی دقت نہ ہو۔۔۔۔۔۔اس فن کی افادیت کے پیش نظر الحمدللہ کتاب کی دوسری ایڈیشن میں ابحاث کے اندر مناسب انداز میں اضاضہ کیا گیا ہے، اور ساتھ ہی اس میں مقدمہ سمیت ہر باب کا خاکہ نقشوں کی صورت میں لکھا گیا ہے، اور ہر بحث سے پہلے اصل کتاب کی فارسی عبارت بھی نقل کی گئی ہے تاکہ اس کی افادیت میں مزید اضافہ ہو، آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بندہ کی اس حقیر کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبول عطا فرما کر ذخیرہ آخرت بنادے۔ آمین

وماتوفیقی الاباللّٰہ علیه توکلت والیه انیب

بندہ:

حفظ الرحمٰن

فاضل ومدرس جامعہ عربیہ مرکزیہ تجوید القرآن سرکی روڈ کوئٹہ

۲۵ شعبان المعظم ۱۴۴۲ھ/ بمطابق 9 اپریل 2021ء

شیخ الحدیث حضرت مولانا سید غلام رسول شاہ صاحب مدظلہم العالیہ

حامداً و مصلیاً و مسلماً

امــا بـعــد: علم الصیغہ ،علم الصرف کی ایک اہم اور انتہائی مستند و مفید کتاب ہے تقریباً پاکستان کے تمام مدارس عربیہ میں داخل نصاب ہے، بہت سے علماء کرام نے مجول ،مختصر اس کی شروحات لکھی ہیں لیکن ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ اس کا نقوح وخلاصہ پیش کیا جائے تا کہ ابتدائی طلبہ کونفسِ مسئلہ اور صرف قانون، قاعدہ یاد رکھنا آسان ہو،اب مفتی حفظ الرحمٰن صاحب مدرس جامعہ عربیہ مرکزیہ تجوید القرآن نے ''تلخیص علم الصیغہ'' کے نام سے اسی سمت میں ایک قابل ستائش وقابل تحسین قدم اٹھایا ہے،اللہ تعالیٰ تمام طلبہ کیلئے نافع بنائیں۔آمین

فقط

(شیخ الحدیث) حضرت مولانا سید غلام رسول شاہ صاحب

نزیل جامعہ عربیہ مرکزیہ تجوید القرآن سرکی روڈ کوئٹہ

۱۸ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ

تقریظ

حضرت مولانا ہدایت اللہ صاحب

حامدًاو مصلیاً و مسلماً

امــا بــعــد: اہل علم اور درس وتدریس سے وابستہ حضرات بخوبی جانتے ہیں کہ کسی بھی مضمون کو تقریر یا تحریر کی صورت میں لانے کیلئے جہاں کتابوں کی ورق گردانی، رطب یابس کے امتیاز اور تعمق کے ساتھ مطالعہ کے بعد ایک خلاصہ تیار کرنی کی ضرورت پڑتی ہے تاکہ اہم اور ضروری اُمور کا انتخاب کر کے حشو وزائد کے اضافی بوجھ سے اجتناب کیا جاسکے اور سامعین و قارئین کے وقت کو ضائع ہونے سے بچایا جائے، اسی اُصول کو مدنظر رکھتے ہوئے جامعہ عربیہ مرکزیہ تجوید القرآن سرکی روڈ کوئٹہ کے فاضل و مدرس مفتی حفظ الرحمٰن حفظہ الرحمن نے محنت و ہمت کے ساتھ درجہ ثانیہ میں شامل کتاب علم الصیغہ کا اُردو میں خلاصہ بنام ''تلخیص علم الصیغہ'' مرتب کر کے طلبہ عزیز کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کرنے کی قابل قدر کاوش کی ہے، قوی امید ہے کہ اس سے مقتبسین مستفید ہوں گے، مؤلف موصوف نے ضابطہ کے تلمیذ ہونے کے ناطے اعتماد کرتے ہوئے کتاب ایک نظر دیکھنے کو کہا تو بندہ نے کتاب کے اکثر حصے کو نظر سے گزارا اور ابتدائی طلبہ کیلئے اس خلاصہ کو کافی آسان پایا۔ فللہ الحمد اَوَّلاً و آخرًا ، میری دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کو تصنیفی میدان میں تحقیقی کام کرنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین

ابو الظہیر مولانا ہدایت اللہ غفرلہ

استاذ الحدیث: جامعہ عثمانیہ بہادر آباد کراچی

۱۷ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ/ 22 نومبر 2013 م

تقریظ

حضرت مولانا مفتی عبدالباری صاحب مدظلہ

الحمدلله و کفٰی وسلام علیٰ عباده الذین الصطفیٰ

امـابـعـد: قرآن پاک اور احادیث شریفہ کو سمجھنے کے لئے جن علوم پر کامل دسترس کو علماء تفسیر و حدیث نے شرط قرار دیا ہے ان بنیادی علوم میں علم صرف بھی شامل ہے۔

اہل عرب کا ایک بہت مشہور جملہ ہے "الصرف ام العلوم و النحو ابوھا" اس کا ام العلوم ہونا اس وجہ سے بھی ہے کہ علوم عربیہ میں کوئی کلام جن کلمات سے مل کر وجود میں آتا ہے علمِ صرف میں ان کلمات پر بحثیت اصل اور بناء کے بحث کی جاتی ہے، علمِ صرف پر کامل دسترس اس وجہ سے بھی ضروری ہے کہ اس کے بغیر آدمی کلام عرب میں لفظی غلطی سے نہیں بچ سکتا۔

علم صرف کو سب سے پہلے ابوالأسود الدؤلی کے شاگرد معاذ بن مسلم الہروی المتوفی ۱۸۷ھ نے وضع کیا، پھر ان کے شاگرد ابوالحسن الکسائی المتوفی ۱۹۸ھ نے اس علم کو ترقی دی، ان کے بعد کسائی کے شاگرد ابوزکریا یحیٰ بن زیاد الفراء الدیلمی المتوفی ۲۰۷ھ نے علمِ صرف کو باضابطہ طور پر مدون کیا ورنہ اس سے پہلے یہ علم نحو کی ایک شاخ سمجھی جاتی تھی، بعض حضرات نے اس کا مدون اول حضرت علی اور بعض حضرات نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کو قرار دیا ہے۔

وفـاق المدارس العربیہ پاکستان کے علمِ صرف کے نصاب میں شامل کتاب "علم الصیغہ" اپنے موضوع پر بنیادی کتاب ہے، جس میں علم صرف کے بنیادی مباحث کو بڑے جامع انداز میں جمع کیا گیا ہے زیرِ نظر کتابچہ "تلخیص علم الصیغہ" کے ان مباحث کو عام فہم اُردو زبان میں بہت دل نشین انداز اور حسن ترتیب کے خوبصورت پیرائے میں بیان کیا گیا ہے جس کی وجہ سے اصل کتاب سے استفادہ میں کافی معاونت ملے گی،

اللہ رب العزت مؤلف زید مجدہ کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرما کر ہم سب کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔ آمین

(مفتی) عبدالباری غفرلہ

رفیق دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

۲۴/۱/۱۴۳۵ھ

فہرست عنوانات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ ربّ العٰلمین والصّلوٰۃ والسّلام علیٰ خاتم النبیّین محمّدواٰلہ واصحابہ اجمعین۔

علم الصرف کے شروع کرنے سے پہلے چند چیزوں کا جاننا ضروری ہے۔

تعریف علم الصرف:

هو علم بِأصولٍ يعرف بهااحوال الكلم الثلٰث من حيث الصيغة۔ علم صرف وہ علم ہے چند اصولوں کا جن کے ذریعہ تین کلموں کے احوال باعتبار صیغہ کے معلوم کیے جاتے ہیں۔

موضوع علم الصرف:

الكلمة من حيث الصيغة والبناء والأصل۔ کلمہ باعتبار صیغہ، بناء اور اصل کے ہے۔

غرض علم الصرف:

صيانة الذهن عن الخطأ في الصيغة و البناء ۔ ذہن کو صیغہ اور بناء کی غلطی سے بچانا۔

واضع علم الصرف:

اس کے بارے میں تین قول ہیں: (۱) حضرت علی کرّم اللہ وجہہ ہے۔ (۲) ابوالاسود الدؤلیؒ ہے (۳) ابوالاسود الدؤلیؒ کے شاگرد حضرت معاذ بن مسلمؒ ہے۔

علم الصرف کا مقام ومرتبہ:

علم الصرف کی اہمیت اور فضیلت کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ قرآن وحدیث کو سمجھنے کیلئے علوم عربیہ کی ضرورت ہے اور عربی علوم میں علم الصرف ایک بنیادی حیثیت رکھتا ہے اسکے بغیر نہ قرآن سمجھ آتا ہے اور نہ احادیث سمجھ آتی ہیں جس طرح ایک مشہور نحوی علامہ ابن فارسؒ کا قول ہے کہ جس سے علم الصرف فوت ہوا اس سے بہت کچھ فوت ہوا اسی طرح علم الصرف کی فضیلت کے بارے میں ایک اور قول ہے کہ الصرف ام العلوم۔

علم الصرف کی تدوین: ابتداء میں علم الصرف نحو کی شاخ اور ایک حصہ سمجھا جاتا تھا، بعد میں ایک مستقل فن کی حیثیت سے مرتب اور مدّون ہوا، اور مدوّن کرنے والا پہلا شخص ابوعثمان بکر بن حبیب المازنیؒ ہے، اور بعض حضرات کے بقول امام اعظم ابوحنیفہؒ ہے، یعنی جس طرح وہ فقہ میں مدّون اوّل ہے اسی طرح علم الصرف میں بھی مدّون اوّل ہے۔

صاحب علم الصیغہ

نام: مفتی عنایتؒ

والد کا نام: منشی محمد بخش بن غلام محمد

تاریخ پیدائش: ۹ شوال ۱۲۲۸ھ

جائے پیدائش: ہندوستان میں ضلع بارہ بنکی کے ''دیوہ'' نامی قصبہ میں پیدا ہوئے۔

تحصیل علم: ابتدائی تعلیم اپنے آبائی قصبہ ''دیوہ'' میں حاصل کی، پھر ۱۳ سال کی عمر میں رامپور تشریف لے جا کر وہاں کے علماء سے مختلف علوم میں فیض یاب ہوئے۔ اس کے بعد دہلی جا کر محدث دہلوی حضرت شاہ محمد اسحاق دہلویؒ سے علم حدیث حاصل کی، پھر علی گڑھ جا کر شیخ بزرگ سے علوم عقلیہ ونقلیہ کی تکمیل کر کے فارغ التحصیل ہوئے۔

درس وتدریس:

فراغت کے بعد علی گڑھ میں مدرس مقرر ہوئے اور ایک سال کے بعد مفتی کے عہدہ پر فائز بنے۔ اس کے بعد مفتی صاحب انگریزوں کے خلاف فتوی صادر فرمانے کی وجہ سے جلاوطن ہو کر قید ہوئے بلآخر تقویم البلدان نامی کتاب کا ترجمہ کرنے پر رہا ہوئے۔ رہائی کے ۲ سال بعد مصنفؒ بذریعہ بحری جہاز سفرِ حج پر روانہ ہوئے جدہ کے قریب جہاز ایک پہاڑی سے ٹکرا کر ڈوب گیا، اور اس طرح اسی سفر حج میں مصنفؒ شہید ہوئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مصنف رحمہ اللہ کی کئی علمی تصانیف بھی ہیں۔

۱ علم الفرائض ۲ ملخصات الحساب ۳ الکلام المبین فی ایات رحمۃ للعالمین ٤ علم الصیغہ ۵ ترجمہ تقویم البلدان

اس کے علاوہ مصنفؒ کے اور بھی بہت ساری تصانیف ہیں۔

علم الصیغہ

ایک مقدمہ، چار ابواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے

مقدمہ میں کلمہ کی تقسیم اور اس کے اقسام کے بیان ہیں۔

باب اول میں صیغوں کا بیان ہے۔

باب دوم میں ابواب کا بیان ہے۔

باب سوم میں مہموز، معتل، مضاعف کی گردان اور ان کے قواعد کا بیان ہے

باب چہارم میں چند فوائد نافعہ کا بیان ہے

خاتمہ میں چند مشکل صیغوں کے حل کا بیان ہے

نقشہ تقسیم فعل

مقدمہ در تقسیم کلمہ واقسام آں...... (البشریٰ:ص ٥)

مقدمہ علم الصیغہ

کلمہ: جو مفرد معنی کیلئے وضع کیا گیا ہو، پھر اسکی تین قسمیں ہیں۔ فعل، اسم اور حرف

فعل: جو معنی پر دلالت کرنے میں مستقل ہو اور تین زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ بطور وضع کے اس میں پایا جائے۔ جیسے **ضَرَبَ، یَضْرِبُ**

اسم: جو معنی پر دلالت کرنے میں مستقل ہو اور تین زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ بطور وضع کے اس میں نہ پایا جائے۔ جیسے **رَجُلٌ، ضَارِبٌ**

حرف: جو معنی پر دلالت کرنے میں مستقل نہ ہو بلکہ دوسرے کلمے کے ملائے بغیر اس کا معنی سمجھ نہ آئے۔ جیسے **مِنْ ، اِلیٰ**

فعل باعتبار معنی وزمانہ برسہ قسم است...... (البشریٰ:ص ٦)

فعل کی پہلی تقسیم فعل باعتبار معنی وزمانہ کے تین قسم پر ہے:

① ماضی ② مضارع ③ اور امر

ماضی: لغوی معنی ہے گزشتہ، اصطلاحی معنی ہے جو فعل زمانہ گزشتہ میں کسی کام کے واقع ہونے پر دلالت کرے، جیسے **فَعَلَ** (کیا اس ایک مرد نے زمانہ گزشتہ میں)

مضارع: لغوی معنی ہے مشابہ، اصطلاحی معنی ہے جو فعل موجودہ یا آئندہ زمانہ میں کسی کام کے واقع ہونے پر دلالت کرے، جیسے **یَفْعَلُ** (کرتا ہے یا کریگا وہ ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں)

امر: لغوی معنی ہے حکم کرنا، اصطلاحی معنی ہے وہ فعل جس کے ذریعہ مخاطب سے کسی کام کو طلب کیا جاتا ہے۔ جیسے **اِفْعَلْ** (کر تو ایک مرد زمانہ مستقبل میں)

فعل کی دوسری تقسیم فعل ماضی اور مضارع میں سے ہر ایک باعتبار نسبت کے دو قسم پر ہے،

① معروف ② مجہول

فعل ماضی معروف اور مضارع معروف: جس میں فعل کا فاعل معلوم ہو، جیسے **ضَرَبَ** (مارا اس ایک مرد نے) **یَضْرِبُ** (مارتا ہے یا ماریگا وہ ایک مرد)

فعل ماضی مجہول اور مضارع مجہول: جس میں فعل کا فاعل معلوم نہ ہو۔جیسے ضُرِبَ (مارا گیا وہ ایک مرد) یُضْرَبُ (مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا وہ ایک مرد)

فائدہ : امر مذکور نمی باشد مگر معروف

مصنفؒ نے فعل کی اس دوسری تقسیم (معلوم ومجہول) میں امر کو ذکر نہیں کیا، بلکہ صرف ماضی اور مضارع کو ذکر کیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ مصنف کے نزدیک امر صرف معروف (معلوم) ہی ہوتا ہے مجہول نہیں، کیونکہ امر حاضر مجہول، امر غائب معلوم اور مجہول فعل مضارع میں داخل ہے، جب یہ فعل مضارع میں داخل ہوئے تو امر صرف معلوم ہی رہ گیا، گویا امر اس تقسیم میں شامل ہی نہیں، اس وجہ سے اس تقسیم میں اس کو ذکر ہی نہیں کیا بلکہ کہا امر معروف ہی ہوتا ہے۔

ماضی ومضارع معروف ومجہول اگر دلالت بر ثبوت کارے کند ...... (البشریٰ:ص٦)

فعل کی تیسری تقسیم فعل ماضی اور مضارع میں ہر ایک باعتبار اِثبات اور نفی کے دو قسم پر ہے

❶ مثبت ❷ منفی

فعل ماضی مثبت اور مضارع مثبت: وہ فعل ہیں جس میں کسی کام کے ثبوت کا حکم ہو، یعنی کرنے کا ذکر ہو۔ جیسے نَصَرَ، یَنْصُرُ (مدد کیا اس ایک مرد نے، مدد کرتا ہے یا کریگا وہ ایک مرد)

فعل ماضی منفی اور مضارع منفی: وہ فعل ہیں جس میں کسی کام کے ثابت نہ ہونے کا حکم ہو یعنی کرنے کا ذکر نہ ہو۔جیسے ماضرب ، ولا یَضربُ (نہیں مارا اُس ایک مرد نے، نہیں مارتا ہے یا نہیں ماریگا وہ ایک مرد)

فعل باعتبار تعداد حروف اصلی بر دو قسم است ثلاثی ورباعی ...... (البشریٰ:ص٦)

فعل کی چوتھی تقسیم فعل باعتبار حروف اصلی کے دو قسم پر ہے: ❶ ثلاثی ❷ رُباعی

ثلاثی: جس میں حروف اصلی تین ہوں۔ نَصَرَ یَنْصُرُ

رباعی: جس میں حروف اصلی چار ہوں۔ بَعْثَرَ یُبَعْثِرُ

پھر ان میں سے ہر ایک دو قسم پر ہے مجرد ، مزید

ثلاثی مجرد: جس کی ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغہ میں حروف اصلی صرف تین ہوں زائد حرف نہ ہو۔جیسے نَصَرَ یَنْصُرُ

ثلاثی مزید: جس میں تین حروف اصلی کے علاوہ زائد حرف بھی ہو۔جیسے اِجْتَنَبَ ، أَكْرَمَ

رباعی مجرد: جس کی ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغہ میں حروف اصلی صرف چار ہوں۔ جیسے بَعْثَرَ

رباعی مزید: جس میں چار حروف اصلی کے علاوہ زائد حروف بھی ہو۔

جیسے تَسَرْبَلَ ، اِبْرَنْشَقَ

فعل باعتبار اقسام حروف بر چہار قسم است...... (البشریٰ: ص۷)

فعل کی پانچویں تقسیم فعل باعتبار اقسام حروف کے چار قسم پر ہے۔

صحیح، مہموز، معتل، مضاعف

صحیح لغوی معنی ہے تندرست، اصطلاحی معنی ہے وہ فعل جس کے حروف اصلیہ میں سے نہ کوئی حرف، حرفِ علت (و، ا، ی) ہو، نہ ہمزہ ہو اور نہ ایک جنس کے دو حروف ہوں، جیسے ضَرَبَ

مہموز لغوی معنی ہے کوز پشت (یعنی ٹھیڑی پیٹ والا) اصطلاحی معنی ہے وہ فعل جس کے حروف اصلیہ میں سے کوئی حرف ہمزہ ہو، پھر مہموز کی تین قسمیں ہیں۔

مہموز الفاء: جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو، جیسے اَمَرَ

مہموز العین: جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو، جیسے سَأَلَ

مہموز اللام: جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو، جیسے قَرَأَ

معتل وہ فعل ہے کہ جس کے حروف اصلیہ میں سے کوئی حرف حرف علت ہو،

اگر ایک حرف، حرفِ علت ہو تو اس کی تین قسمیں ہیں: ۱۔مثال، ۲۔اجوف اور ۳۔ناقص۔

اگر دو حرف، حرفِ علت ہوں تو اس کو لفیف کہتے ہیں اور اس کی دو قسمیں ہیں: ۱۔لفیف مقرون، ۲۔لفیف مفروق، ہر ایک کی تفصیل درج ذیل ہے۔

مثال: لغوی معنی ہے مشابہ اور مثل، اصطلاحی معنی ہے وہ فعل جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو

پھر مثال کی دو قسمیں ہیں:

مثال واوی: جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں واو ہو، جیسے وَعَدَ

مثال یائی: جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں یاء ہو، جیسے یَسَرَ

اجوف: لغوی معنی ہے کھوکھلا، اصطلاحی معنی ہے وہ فعل جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو۔

پھر اجوف کی دو قسمیں ہیں:

اجوف واوی: جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں واو ہو، جیسے **قَالَ**

اجوف یائی: جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں یاء ہو، جیسے **بَاعَ**

ناقص: لغوی معنی ہے دم کٹا۔ اصطلاحی معنی ہے وہ فعل جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو۔

پھر ناقص کی دو قسمیں ہیں:

ناقص واوی: وہ فعل جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں واو ہو، جیسے **دَعَا** جو اصل میں **دَعَوَ** تھا۔

ناقص یائی: وہ فعل جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں یاء ہو، جیسے **رَمیٰ**

لفیف: لغوی معنیٰ ہے لپیٹا ہوا، اصطلاحی معنی ہے وہ فعل جس کے حروف اصلیہ میں سے دو حرف، حرفِ علت ہوں۔ پھر لفیف کی دو قسمیں ہیں:

لفیف مقرون: لغوی معنیٰ ہے ملا ہوا، اصطلاحی معنی ہے وہ فعل جس کے حروف اصلیہ میں سے دو حرف حرف علت ہوں اور متصل ہوں۔ جیسے **طَویٰ**

لفیف مفروق: لغوی معنیٰ ہے جدا ہوا، اصطلاحی معنی ہے وہ فعل جس کے حروف اصلیہ میں دو حرف حرف علت ہوں لیکن الگ الگ ہوں جیسے **وقیٰ**

مضاعف: لغوی معنی ہے دوگنا۔ اصطلاحی معنی ہے وہ فعل جس کے حروف اصلیہ میں سے دو حرف ایک جنس کے ہوں۔ پھر مضاعف کی دو قسمیں ہیں:

مضاعف ثلاثی: جس کے حروف اصلیہ میں سے دو حرف ایک جنس کے ہوں۔ جیسے **فَرَّ**

مضاعف رباعی: جس کے فا اور لام اوّل یا عین اور لام ثانی کے مقابلہ میں دو حرف ایک جنس کے ہوں۔ جیسے **زَلْزَلَ**

صحیح است و مثال است و مضاعف

لفیف و ناقص و مہموز و اُجوف

نقشہ تقسیم اسم باعتبار اقسام حروف

نقشہ تقسیم اسم باعتبار حروف اصلی

۱:مصدر ۲:ومشتق ۳:وجامد ...... (البشریٰ:ص۸)

اشتقاق وعدم اشتقاق کے اعتبار سے اسم تین قسم پر ہے۔ مصدر ، مشتق ، جامد

مصدر لغوی معنی ہے نکلنے کی جگہ۔

اصطلاحی معنیٰ ہے وہ اسم جو کسی کام کے حدوث یعنی واقع ہونے پر دلالت کرے اور اس کے فارسی معنیٰ کے آخر میں لفظ "دن" یا "تن" ہو۔ اُردو معنی کے آخر میں "نا" ہو۔ جیسے اَلضَّرْبُ زدن (مارنا) والْقَتْلُ کُشتن (قتل کرنا)

مشتق لغوی معنی ہے نکالا ہوا۔ اصطلاحی معنی ہے وہ اسم جو فعل سے بنا ہوا ہو۔ وصف اور ذات دونوں پر دلالت کرے، جیسے ضاربٌ ذات (مارنے والے) اور وصف (مار) دونوں پر دلالت کرتا ہے۔

جامد لغوی معنی ہے جم جانا۔

اصطلاحی معنی ہے وہ اسم جو نہ کسی سے بنے اور نہ کوئی اس سے بنے۔ جیسے رجلٌ

وہم باقسام دہ گانہ صحیح منقسم می شود...... (البشریٰ:ص۹)

مصدر اور مشتق بھی **باعتبار اقسامِ حروف** چار قسم پر ہیں: صحیح ، مہموز ، معتل ، مضاعف

مصدر و مشتق مثل فعل خود ثلاثی و رباعی مجرد و مزید فیہ می باشد...... (البشریٰ:ص۹)

مصدر اور مشتق **باعتبار حروف اصلی** دو قسم پر ہیں: ثلاثی رباعی

پھر ان میں سے ہر ایک کی دو قسمیں ہیں: مجرد، مزید

ثلاثی مجرد: جیسے ضَرباً ، ضَارِبٌ

ثلاثی مزید: جیسے اِکْرَاماً، مُکْرِمٌ

رباعی مجرد: جیسے دَحْرَجَةً، مُدَحْرِجٌ

رباعی مزید: جیسے تَسَرْبُلاً، مُتَسَرْبِلٌ

جامد باعتبار تعداد حروف...... (البشریٰ:ص۹)

جامد **باعتبار حروف اصلی** کے تین قسم پر ہے: ثلاثی ، رباعی ، خماسی

پھر ان میں سے ہر ایک کی دو قسمیں ہیں: مجرد، مزید

اسم جامد ثلاثی مجرد کے اوزان ⑩ ہیں۔

فَعْلٌ ۔ فَلْسٌ	فَعَلٌ ۔ فَرَسٌ	فَعِلٌ ۔ كَتِفٌ	فَعُلٌ ۔ عَضُدٌ	فِعْلٌ ۔ حِبْرٌ
فِعَلٌ ۔ عِنَبٌ	فِعِلٌ ۔ اِبِلٌ	فُعْلٌ ۔ قُفْلٌ	فُعَلٌ ۔ صُرَدٌ	فُعُلٌ ۔ عُنُقٌ

اسم جامد ثلاثی مزید: جیسے حِمَارٌ اس کے اوزان متعین نہیں ہیں۔

اسم جامد رباعی مجرد کے اوزان متعینہ ⑤ ہیں۔

فَعْلَلٌ	فِعْلِلٌ	فُعْلُلٌ	فِعْلَلٌ	فِعَلٌّ
جَعْفَرٌ	زِبْرِجٌ	بُرْثُنٌ	دِرْهَمٌ	قِمَطْرٌ

اسم جامد رباعی مزید: جیسے قِرْطَاسٌ اس کے اوزان زیادہ ہیں۔

اسم جامد خماسی مجرد کے اوزان ④ ہیں۔

فَعَلَّلٌ	فُعَلِّلٌ	فَعْلَلِلٌ	فِعْلَلٌّ
سَفَرْجَلٌ	قُذَعْمِلٌ	جَحْمَرِشٌ	قِرْطَعْبٌ

اسم جامد خماسی مزید کے اوزان ⑤ ہیں۔

فَعْلَلُوْلٌ	فُعَلِّيْلٌ	فِعْلَلُوْلٌ	فَعَلَّلَىٰ	فَعْلَلِيْلٌ
غَضْرَفُوْطٌ	خُزَعْبِيْلٌ	قِرْطَبُوْسٌ	قَبَعْثَرىٰ	خَنْدَرِيْسٌ

باعتبار انواع حروف باقسام دہ گانہ منقسم می شود...... (البشریٰ: ص ۹)

باعتبار اقسامِ حروف اسم جامد کی بھی چار قسمیں ہیں، جو تفصیلی طور پر دس ہیں۔

صحیح ، مہموز ، معتل ، مضاعف

چوں فعل تصریفات بسیار می دارد ...... (البشریٰ: ص ۹)

چونکہ فعل کی گردانیں زیادہ ہیں بنسبت اسم اور حرف کے اس لیے صرفی حضرات کی توجہ فعل پر رہتی ہے اور مصنف نے بھی ہر جگہ فعل کو اسم پر مقدم کیا ہے۔ اور اسم میں گردانیں کم ہیں اس میں مصنف نے اختصار سے کام لیا، اور حرف کو بالکل بیان ہی نہیں کیا۔

فائدہ: مصدر اور اسم مصدر میں فرق

مصدر: وہ اسم ہے کہ جو صرف وصف پر دلالت کرے اور فعل کے تمام حروف اس میں موجود ہوں۔ جیسے ضَـرْبٌ یہ لفظ وصف یعنی (مارنے) پر بھی دلالت کرتا ہے اور فعل یعنی ضربَ کے تمام حروف (ض، ر، ب) بھی اس میں موجود ہیں۔

اسم مصدر: وہ اسم ہے کہ جو صرف وصف پر دلالت نہ کرے بلکہ اس میں اسم کی حیثیت بھی موجود ہو اور فعل کے تمام حروف بھی اسمیں نہ پائے جائیں۔ جیسے عَـطَـاء، اعطیٰ سے اسم مصدر ہے، وصفی معنی ہے عطا کرنا لیکن یہ معنی مراد نہیں ہوتا بلکہ عطاء اس چیز کو کہتے ہیں جو دی جائے تو یہ اسی چیز کا نام ہو گیا ہے۔ اور عطاء میں فعل کے تمام حروف بھی نہیں ہیں بلکہ کم ہیں۔

نقشہ باب اوّل

فصل اول — افعال کی گردان

ثلاثی مجرد کا فعل ماضی معلوم

- **ماضی مفتوح العین** — مضارع
  - مفتوح العین: فتح يفتَح
  - مضموم العین: نصر ينصُر
  - مکسور العین: ضرب يضرِب
- **ماضی مکسور العین** — مضارع
  - مفتوح العین: سمع يسمَع
  - مکسور العین: حسب يحسِب
- **ماضی مضموم العین** — مضارع
  - صرف مضموم العین: كرم يكرُم

- ماضی معلوم/ ماضی مجہول کے تیرہ صیغوں کی گردان
- ما اور لا کے ساتھ نفی فعل ماضی معلوم/نفی ماضی مجہول کی گردان
- فعل مضارع معلوم/ مضارع مجہول کے ۱۱ صیغوں کی گردان
- ما اور لا کے ساتھ فعل نفی مضارع معلوم/نفی مضارع مجہول کی گردان
- حروف نواصب "ان ،لن ،کی ،اذن "کے ساتھ نفی تاکید فعل مستقبل معلوم/مستقبل مجہول کی گردان
- حروف جوازم "لم ،لما، لام امر ،لائے نهی ،اِن "کے ساتھ نفی جحد فعل مضارع معلوم/مضارع مجہول کی گردان
- نہی معلوم/ نہی مجہول کی گردان
- لام تاکید با نون ثقیلہ فعل مستقبل معلوم/ با نون ثقیلہ مجہول کی گردان
- لام تاکید با نون خفیفہ فعل مستقبل معلوم/ با نون خفیفہ مجہول کی گردان
- نہی معلوم با نون ثقیلہ معلوم/ با نون ثقیلہ مجہول کی گردان
- امر حاضر معلوم/ امر حاضر مجہول کی گردان
- امر حاضر معلوم با نون ثقیلہ کی گردان
- امر حاضر معلوم با نون خفیفہ کی گردان
- امر غائب معلوم/ امر غائب مجہول کی گردان
- امر غائب معلوم با نون ثقیلہ/ امر مجہول با نون ثقیلہ کی گردان
- امر غائب معلوم با نون خفیفہ/ با نون خفیفہ مجہول کی گردان

فصل دوم — اسماء مشتقہ

- اسم فاعل
- اسم مفعول
- اسم تفضیل
- صفت مشبہ
- اسم آلہ
- اسم ظرف

باب اول در بیان صیغ مشتمل بر دو فصل...... (البشریٰ:ص ۱۰)

باب اوّل

باب اوّل دو فصل پر مشتمل ہے۔

فصل اوّل

افعال کی گردانوں کے بیان میں ہے۔

ثلاثی مجرد کے ابواب چھ میں منحصر ہیں کیونکہ ثلاثی مجرد کا فعل ماضی معلوم تین وزن پر آتا ہے۔

فَعَلَ (مفتوح العین) فَعِلَ (مکسور العین) فَعُلَ (مضموم العین)

اگر ماضی مفتوح العین (فَعَلَ) ہو تو مضارع تین وزن پر آتا ہے۔

مفتوح العین، فَعَلَ، یَفْعَلُ جیسے باب فَتَحَ یَفْتَحُ

مکسور العین، فَعَلَ ، یَفْعِلُ جیسے باب ضَرَبَ یَضْرِبُ

مضموم العین، فَعَلَ ، یَفْعُلُ جیسے باب نَصَرَ یَنْصُرُ

اگر ماضی مکسور العین (فَعِلَ) ہو تو مضارع صرف دو وزن پر آتا ہے۔

مفتوح العین، فَعِلَ ، یَفْعَلُ جیسے باب سَمِعَ یَسْمَعُ

مکسور العین، فَعِلَ ، یَفْعِلُ جیسے باب حَسِبَ یَحْسِبُ

اگر ماضی مضموم العین (فَعُلَ) ہو تو مضارع ایک ہی وزن پر آتا ہے۔

مضموم العین، فَعُلَ ، یَفْعُلُ جیسے باب کَرُمَ یَکْرُمُ

اس سب کا ماضی مجہول فُعِلَ اور مضارع یُفْعَلُ کے وزن پر آتا ہے۔

اولاً بیان صیغ افعال و اسمائے مشتقات کردہ می شود...... (البشریٰ:ص ۱۱)

اولاً افعال و مشتقات کے صیغوں کا بیان ہوگا پھر ابواب کی تفصیل ذکر کی جائے گی۔

ماضی کے تیرہ صیغوں کی گردان: (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

فَعُلَ	فَعُلَا	فَعُلُوا	فَعَلَتْ	فَعِلَتَا	فَعُلْنَ	فَعِلْتَ
فَعُلْتُمَا	فَعَلْتُمْ	فَعُلْتِ	فَعِلْتُنَّ	فَعُلْتُ	فَعَلْنَا	

اور ماضی مجہول صرف فُعِلَ کے وزن پر آتا ہے۔

سہ صیغہ اولیٰ برائے مذکر غائب ست...... (البشریٰ:ص ۱۱)

پہلے تین صیغے مذکر غائب کے ہیں، اس کے بعد تین صیغے مؤنث غائب کے ہیں، پھر تین صیغے مذکر حاضر کے ہیں، لیکن اس کا تثنیہ (فَعَلْتُمَا) مؤنث حاضر کے لیے بھی ہے، پھر دو صیغے مؤنث حاضر کے ہیں، پھر دو صیغے متکلم کے ہیں۔ تثنیہ مذکر مخاطب (فَعَلْتُمَا) اور تثنیہ مؤنث مخاطب (فَعَلْتُمَا) جو مکرر ہے ان دو میں سے ایک کو حذف کر کے ایک کو دو کا قائمقام بنایا۔ اس وجہ سے تیرہ صیغے ہو گئے۔

ماولا بر ماضی برائے نفی می آید...... (البشریٰ:ص ۱۲)

ما اور لا میں فرق

ما اور **لا** ماضی پر نفی کے لئے آتے ہیں، لیکن ان میں دو فرق ہیں:

❶ **ما** بکثرت ماضی پر داخل ہوتا ہے، **لا** بہت کم ماضی پر داخل ہوتا ہے۔

❷ **ما** بغیر شرط کے داخل ہوتا ہے، **لا** کیلئے شرط یہ ہے کہ ماضی کے صیغہ کے ساتھ مُکـرَّر آ جائے۔ جیسے فلا صدق و لا صلیٰ

نفی فعل ماضی معروف...... (البشریٰ:ص ۱۲)

نفی فعل ماضی معروف کی گردان:

مَافَعَلَ ، مَافَعَلَا ، مَافَعَلُوْا...... تا آخر (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

لَافَعَلَ ، لَافَعَلَا ، لَافَعَلُوْا...... تا آخر (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

نفی فعل ماضی مجہول کی گردان:

مَافُعِلَ ، مَافُعِلَا ، مَافُعِلُوْا...... تا آخر

لَافُعِلَ ، لَافُعِلَا ، لَافُعِلُوْا...... تا آخر

مضارع را یازدہ صیغہ است...... (البشریٰ:ص ۱۲)

فعل مضارع کے ۱۱ صیغوں کی گردان: (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

يَفْعَلُ	يَفْعَلَانِ	يَفْعَلُوْنَ	تَفْعَلُ	تَفْعَلَانِ	يَفْعَلْنَ
تَفْعَلُوْنَ	تَفْعَلِيْنَ	تَفْعَلْنَ	اَفْعَلُ	نَفْعَلُ	

سہ صیغہ اولیٰ برائے مذکر غائب است...... (البشریٰ:ص ۱۳)

پہلے تین صیغے مذکر غائب کے ہیں، اس کے بعد تین صیغے مؤنث غائب کے ہیں۔ لیکن اس کا واحد (تَفْعَلُ) مذکر حاضر کے لیے بھی ہے اور اس کا تثنیہ (تَفْعَلَانِ) مذکر حاضر و مؤنث حاضر کے لیے بھی ہے، (تَفْعَلُوْنَ) جمع مذکر حاضر کے لیے ہے، (تَفْعَلِيْنَ) واحد مؤنث حاضر کے لیے ہے، (تَفْعَلْنَ) جمع مؤنث حاضر کے لیے ہے، (اَفْعَلُ ، نَفْعَلُ) دو صیغے متکلم کے ہیں۔ واحد مؤنث غائب (تَفْعَلُ) اور مذکر حاضر (تَفْعَلُ) میں سے ایک کو حذف کر کے ایک کو دو کا قائمقام بنایا، اسی طرح تثنیہ مؤنث غائب (تَفْعَلَانِ) اور تثنیہ مذکر حاضر (تَفْعَلَانِ) اور تثنیہ مؤنث حاضر (تَفْعَلَانِ) میں سے دو کو حذف کر کے ایک کو تین کا قائمقام بنایا۔ اس وجہ سے مضارع کے گیارہ صیغے ہو گئے۔

اثبات مضارع مجہول کی گردان

يُفْعَلُ	يُفْعَلَانِ	يُفْعَلُوْنَ	تُفْعَلُ	تُفْعَلَانِ	يُفْعَلْنَ
تُفْعَلُوْنَ	تُفْعَلِيْنَ	تُفْعَلْنَ	اُفْعَلُ	نُفْعَلُ	

ما اور لا میں فرق

ما اور **لا** مضارع پر نفی کیلئے آتے ہیں، لیکن ان میں دو فرق ہیں:

1. **لا** بکثرت مضارع پر داخل ہوتا ہے، **ما** بہت کم مضارع پر داخل ہوتا ہے
2. **لا** سے حال اور استقبال دونوں کی نفی ہوتی ہے جبکہ **ما** سے صرف حال کی نفی ہوتی ہے۔

نفی مضارع معروف، نفی مضارع مجہول...... (البشریٰ:ص ۱۳)

نفی فعل مضارع معروف کی گردان

مَا يَفْعَلُ ، مَا يَفْعَلَان ، مَا يَفْعَلُوْنَ...... تا آخر (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

لَا يَفْعَلُ، لَا يَفْعَلَان ، لَا يَفْعَلُوْنَ...... تا آخر (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

نفی فعل مضارع مجہول کی گردان

مَا يُفْعَلُ ، مَا يُفْعَلَان ، مَا يُفْعَلُوْنَ...... تا آخر

لَا يُفْعَلُ ،لَا يُفْعَلَان ، لَا يُفْعَلُوْنَ...... تا آخر

ذکر لن: چوں لن بر مضارع داخل شود......(البشریٰ:ص ۱۳)

" لن " فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے، مثبت کو منفی بناتا ہے اور معنی میں تاکید پیدا کر کے استقبال کے معنی میں کرتا ہے۔ جیسے لَنْ یَّفْعَلَ (ہرگز نہیں کریگا وہ ایک مرد زمانہ استقبال میں)

حروف نواصب چار ہیں۔ اَنْ ، لَنْ ، کَیْ ، اِذَنْ

لفظی عمل

چار صیغوں (یفعل ، تفعل ، افعل ، نفعل) کو نصب دیتا ہے، پانچ صیغوں (یفعلان، تفعلان، یفعلون، تفعلون، تفعلین) کے آخر سے نون اعرابی گراتا ہے، اور دو صیغوں (یفعلن، تفعلن) میں مبنی ہونے کی وجہ سے کوئی عمل نہیں کرتا۔

معنوی عمل

لَنْ : تاکید پیدا کرتا ہے، جیسے لَنْ یَضْرِبَ ہرگز نہیں مارے گا وہ ایک شخص

اَنْ : فعل کو مصدر کے معنی میں کرتا ہے، جیسے اُرید اَنْ تَقُوْمَ أی أرید قیامَك

کی : سببیت کے لئے آتا ہے، جیسے اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ

اذن : جواب جزا کیلئے آتا ہے، جیسے اَنَا آتِیْكَ غَدًا اِذَنْ اُکْرِمَكَ

نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

لَن یَّفْعَلَ	لَن یَّفْعَلَا	لَن یَّفْعَلُوْا	لَن تَفْعَلَ	لَن تَفْعَلَا	لَن یَّفْعَلْنَ
لَن تَفْعَلُوْا	لَن تَفْعَلِیْ	لَن تَفْعَلْنَ	لَن اَفْعَلَ	لَن نَفْعَلَ	

نفی تاکید بلن در فعل مستقبل مجہول کی گردان:

لَن یُّفْعَلَ ، لَن یُّفْعَلَا ، لَن یُّفْعَلُوْا......تا آخر

أن وکی واذن کی گردان:

أَنْ یَفْعَلَ ، أَنْ یَفْعَلَا ، أَنْ یَفْعَلُوْا......تا آخر

کَی یَفْعَلَ ، کَی یَفْعَلَا ، کَی یَفْعَلُوْا......تا آخر

اِذَنْ یَفْعَلَ ، اِذَنْ یَفْعَلَا ، اِذَنْ یَفْعَلُوْا......تا آخر

اور مجہول اَنْ یُّفْعَلَ ، کَیْ یُفْعَلَ ، اِذَنْ یُفْعَلَ ......تا آخر کے وزن پر آتا ہے۔

ذکرلم:لم در یفعل وتفعل وافعل ونفعل جزم کند ...... (البشریٰ:ص١٤)

حروف جوازم۵ ہیں: لم ، لما ، لام امر ، لائے نہی ، اِنْ

لفظی عمل چارصیغوں(یفعل ،تفعل ،افعل ، نفعل)کوجزم دیتاہے،پانچ صیغوں (یفعلان،تفعلان، یفعلون، تفعلون، تفعلین) کے آخرسےنون اعرابی گراتاہے،اوردوصیغوں (یفعلن،تفعلن)میں مبنی ہونے کی وجہ سےکوئی عمل نہیں کرتا

معنوی عمل "لم ، لما" فعل مضارع کوماضی منفی کے معنی میں کردیتاہے۔

لم اور لما میں فرق

لم: استغراق کے لئےنہیں آتاہےجیسے لم یضرب ،اس کامعنی ہے"اس نےنہیں مارا"اب ممکن ہےکہ زمانہ بعیدمیں نہیں ماراہولیکن زمانہ ماضی قریب میں ماراہو۔

لما: استغراق کے لئےآتاہے،جیسے لمایضرب بالکل کسی وقت بھی نہیں ماراہے۔

نفی جحدبلم درفعل مضارع معروف کی گردان (عین کلمہ کےتینوں حرکتوں کےساتھ)

لَمْ یَفْعَلْ	لَمْ یَفْعَلَا	لَمْ یَفْعَلُوْا	لَمْ تَفْعَلْ	لَمْ تَفْعَلَا	لَمْ یَفْعَلْنَ
لَمْ تَفْعَلُوْا	لَمْ تَفْعَلِیْ	لَمْ تَفْعَلْنَ	لَمْ اَفْعَلْ	لَمْ نَفْعَلْ	

نفی جحدبلم درفعل مضارع مجہول کی گردان

لَمْ یُفْعَلْ ، لَمْ یُفْعَلَا ، لَمْ یُفْعَلُوْا ......تاآخر

لما ، اِنْ ، لام امر ، لائےنہی سےمضارع معروف کی گردان

لَمّا یَفْعَلْ ، لَمّا یَفْعَلَا ، لَمّا یَفْعَلُوْا ......تاآخر (عین کلمہ کےتینوں حرکتوں کےساتھ)

اِنْ یَفْعَلْ ،اِنْ یَفْعَلَا ،اِنْ یَفْعَلُوْا ......تاآخر (عین کلمہ کےتینوں حرکتوں کےساتھ)

لِیَفْعَلْ ، لِیَفْعَلَا ، لِیَفْعَلُوْا ....تاآخر (عین کلمہ کےتینوں حرکتوں کےساتھ)

لَا یَفْعَلْ ، لَا یَفْعَلَا ،لَا یَفْعَلُوْا ......تاآخر (عین کلمہ کےتینوں حرکتوں کےساتھ)

اورمجہول لما یُفْعَلْ،اِنْ یُفْعَلْ، لِیُفْعَلْ، لَا یُفْعَلْ ......تاآخرکےوزن پرآتاہے۔

لام امر در جمیع صیغ مجہول می آید...... (البشریٰ:ص ۱۰)

لام امر، مجہول کے تمام صیغوں میں آتا ہے اور معروف کے صرف غیر حاضر کے صیغوں میں اور لائے نہی تمام صیغوں میں آتا ہے۔

حسب بیان محققین......(البشریٰ:ص ۱۰)

مصنفؒ نے محققین صرف کا طریقہ اختیار کیا ہے وہ اس طرح کہ امر حاضر معلوم، امر غائب معلوم (اِضْرِبْ ، لِيَضْرِب) کو الگ الگ ذکر کیا ہے دو وجہ سے:

پہلی وجہ یہ ہے کہ امر حاضر معلوم کے صیغوں میں لام نہیں ہے (اِضْرِبْ) جبکہ امر غائب معلوم کے صیغوں میں لام ہے (لِيَضْرِب) اگر دونوں کو ایک ساتھ ذکر کرتا تو کچھ میں لام ہوتا کچھ میں لام نہیں، جو غیر مناسب تھا اس وجہ سے الگ ذکر کیا۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ امر فعل کی مستقل تیسری قسم ہے جبکہ امر غائب معلوم و مجہول اور نہی، فعل مضارع میں داخل ہیں اس وجہ سے امر حاضر معلوم، امر غائب معلوم کو الگ ذکر کیا۔

امر حاضر مجہول، امر غائب مجہول (لِتُضْرَبْ ، لِيُضْرَبْ) کے تمام صیغے ایک ساتھ ذکر کئے ہیں، چونکہ مجہول ہونے میں سب شریک تھے اس وجہ سے الگ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں رہی۔

نہی کی گردان میں حاضر و غائب کا بھی فرق نہیں کیا بلکہ سب (لَاتَضْرِبْ ، لَاتُضْرَبْ ،لَايَضْرِبْ ،لَايُضْرَبْ) کو ایک ساتھ ذکر کیا ہے۔ چونکہ نہی کے تمام صیغے نہی ہونے میں شریک ہیں اس وجہ سے ان کو ایک ساتھ ذکر کیا۔

مصنفؒ نے پہلے فعل جحد کے بعد نہی کی گردان ذکر کی ہے اس کے بعد امر کی کیونکہ امر حاضر مجہول، امر غائب معلوم و مجہول اور نہی، فعل مضارع میں داخل ہیں اس بناء پر فعل جحد کے بعد فعل نہی کی گردان ذکر کی۔ اور امر، فعل کی مستقل تیسری قسم ہے اس وجہ سے اس کو آخر میں ذکر کیا۔

نہی معلوم کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

لَا يَفْعَلْ	لَا يَفْعَلَا	لَا يَفْعَلُوْا	لَا تَفْعَلْ	لَا تَفْعَلَا	لَا يَفْعَلْنَ
لَا تَفْعَلُوْا	لَا تَفْعَلِي	لَا تَفْعَلْنَ	لَا اَفْعَلْ	لَا نَفْعَلْ	

نہی مجہول کی گردان : لَا يُفْعَلْ ، لَا يُفْعَلَا ، لَا يُفْعَلُوْا ......تا آخر

درفعل مضارع مجزوم بلم ودیگر جوازم......(البشریٰ: ص١٦)

قاعدہ فعل مضارع معتل اللام (ناقص) پرحروف جوازم(لم ، لما ، لام امر ، لائے نہی ، اِنْ) میں سے کوئی ایک داخل ہوجائے تو حرف علت گرجائے گا۔جیسے: لَمْ یَدْعُوْ سے لَمْ یَدْعُ ، لَمْ یَرْمِیْ سے لَمْ یَرْمِ لَمْ یَخْشیٰ سے لَمْ یَخْشَ

برائے تاکید...... (البشریٰ: ص١٦)

نون تاکید: فعل مضارع میں تاکید کے لیے شروع میں لام مفتوحہ اور آخر میں نون ثقیلہ وخفیفہ لایا جاتا ہے، جیسے لَیَضْرِبَنَّ ، لَیَضْرِبَنْ ۔اورنون ثقیلہ وخفیفہ فعل مضارع کوزمانہ استقبال کے ساتھ خاص کرتا ہے۔

ثقیلہ اور خفیفہ میں فرق

ثقیلہ: متحرک ہوتا ہے،تمام صیغوں میں آتا ہے،اوراس میں تاکید میں زیادہ ہوتی ہے۔

خفیفہ: ساکن ہوتا ہے،تثنیہ وجمع مؤنث کے صیغوں میں نہیں آتا باقی صیغوں میں آتا ہے،اور تاکید بھی اس میں کم ہوتی ہے۔

نون ثقیلہ: چارصیغوں(یفعل ، تفعل ، افعل ، نفعل) میں نون ثقیلہ کا ماقبل مفتوح ہوتا ہے۔تثنیہ(یفعلان ،تفعلان) میں نون اعرابی گرجاتا ہے،الف تثنیہ باقی رہتا ہے نون ثقیلہ مکسور ہوتا ہے،جیسے (لَیَفْعَلاَنِّ)اورجمع مذکر (یفعلون ،تفعلون)میں واوگرجاتا ہے اور ماقبل کاضمہ باقی رہتا ہے،خودنون ثقیلہ مفتوح ہوتا ہے،جیسے (لَیَفْعَلُنَّ، لَتَفْعَلُنَّ)اورواحد مؤنث حاضر(تفعلین) میں یاءگرجاتی ہےاور ماقبل کا کسرہ باقی رہتا ہے،اورخودنون ثقیلہ مفتوح ہوتا ہے،جیسے(لَتَفْعَلِنَّ)،جمع مؤنث غائب وحاضر (یفعلن ، تفعلن) میں نون جمع اورنون ثقیلہ کے درمیان الف لے آتے ہیں تاکہ تین نون کا اجتماع لازم نہ آئے،جیسے (لَیَفْعَلْنَانِّ، لَتَفْعَلْنَانِّ) نون ثقیلہ مکسور ہوتا ہے۔

نون خفیفہ: ہمیشہ ساکن ہوتا ہےاور ماقبل نون ثقیلہ کے ماقبل کی طرح ہوتا ہے۔

لام تاکید بانون ثقیلہ فعل مستقبل معروف کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

لَیَفْعَلَنَّ	لَیَفْعَلاَنِّ	لَیَفْعَلُنَّ	لَتَفْعَلَنَّ	لَتَفعلاَنِّ	لَیَفْعَلْنَانِّ
لَتَفْعَلُنَّ	لَتَفْعَلِنَّ	لَتَفْعَلْنَانِّ	لَاَفْعَلَنَّ	لَنَفْعَلَنَّ	

مجہول کی گردان: لَیُفْعَلَنَّ ، لَیُفْعَلاَنِّ ، لَیُفْعَلُنَّ...... تا آخر

لام تاکید بانون خفیفہ فعل مستقبل معرف کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

لَیَفْعَلَنْ	لَیَفْعَلُنْ	لَتَفْعَلَنْ	لَتَفْعَلُنْ
لَتَفْعَلِنْ	لَاَفْعَلَنْ	لَنَفْعَلَنْ	

مجہول کی گردان: **لَیُفْعَلَنْ ، لَیُفْعَلُنْ** ...... تا آخر

نہی معروف بانون ثقیلہ کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

لَا یَفْعَلَنَّ	لَا یَفْعَلَانِّ	لَا یَفْعَلُنَّ	لَا تَفْعَلَنَّ	لَا تَفْعَلَانِّ	لَا یَفْعَلْنَانِّ
لَا تَفْعَلُنَّ	لَا تَفْعَلِنَّ	لَا تَفْعَلْنَانِّ	لَا اَفْعَلَنَّ	لَا نَفْعَلَنَّ	

مجہول کی گردان: **لَا یُفْعَلَنَّ، لَا یُفْعَلَانِّ، لَا یُفْعَلُنَّ**...... تا آخر

اما شرطیہ ہم می آید بطریقۂ خود ...... (البشریٰ: ص ۱۷)

نون ثقیلہ وخفیفہ فعل مضارع میں اِمَّا شرطیہ کے بعد بھی آ سکتا ہے، جیسے اِمَّا یَفْعَلَنَّ ، اِمَّا یَفْعَلَنْ...... تا آخر

امر حاضر از فعل مضارع می گیرند...... (البشریٰ: ص ۱۷)

امر حاضر معلوم بنانے کا طریقہ

امر حاضر معلوم فعل مضارع معلوم کے حاضر کے صیغوں سے اس طرح بنتا ہے کہ علامت مضارع کو حذف کر کے اس کے بعد والے حرف کو دیکھا جائے اگر وہ متحرک ہے تو صرف آخر کو ساکن کیا جائے جیسے تَعِدُ سے عِدْ ، تَضَعُ سے ضَعْ ، تُصَرِّفُ سے صَرِّف .

اور اگر علامت مضارع کے بعد والا حرف ساکن ہو تو عین کلمہ کو دیکھا جائے اگر عین کلمہ مضموم ہو تو ہمزہ وصلی مضموم شروع میں لایا جائے جیسے تنصُرُ سے اُنْصُرْ اور اگر عین کلمہ مکسور یا مفتوح ہو تو ہمزہ وصلی مکسور شروع میں لایا جائے جیسے تَضْرِبُ سے اِضْرِب ،تَفْتَحُ سے اِفْتَحْ ۔

امر حاضر کے آخر سے نون اعرابی گر جاتا ہے اور نون جمع باقی رہتا ہے ۔اگر فعل مضارع کے آخر میں حرف علت ہو تو وہ بھی گر جاتا ہے۔ جیسے تَدْعُوْا سے اُدْعُ ۔ تَرْمِیْ سے اِرْمِ

امر حاضر معروف کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

اِفْعَلْ	اِفْعَلَا	اِفْعَلُوا	اِفْعَلِی	اِفْعَلْنَ

امر حاضر معروف بانون ثقیلہ کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

اِفْعَلَنَّ	اِفْعَلَانِّ	اِفْعَلُنَّ	اِفْعَلِنَّ	اِفْعَلْنَانِّ

امر حاضر معروف بانون خفیفہ کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

اِفْعَلَنْ	اِفْعَلُنْ	اِفْعَلِنْ

امر غائب معروف کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

لِيَفْعَلْ	لِيَفْعَلَا	لِيَفْعَلُوا	لِتَفْعَلْ	لِتَفْعَلَا	لِيَفْعَلْنَ	لِاَفْعَلْ	لِنَفْعَلْ

امر غائب معروف بانون ثقیلہ کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

لِيَفْعَلَنَّ	لِيَفْعَلَانِّ	لِيَفْعَلُنَّ	لِتَفْعَلَنَّ	لِتَفْعَلَانِّ	لِيَفْعَلْنَانِّ	لِاَفْعَلَنَّ	لِنَفْعَلَنَّ

امر غائب معروف بانون خفیفہ کی گردان (عین کلمہ کے تینوں حرکتوں کے ساتھ)

لِيَفْعَلَنْ	لِيَفْعَلُنْ	لِتَفْعَلَنْ	لِاَفْعَلَنْ	لِنَفْعَلَنْ

امر مجہول **لِيُفْعَلْ**...... الخ

امر مجہول نون ثقیلہ **لِيُفْعَلَنَّ**...... الخ

امر مجہول بانون خفیفہ **لِيُفْعَلَنْ**...... الخ

فصل دوم در بیان اسمائے مشتقہ ...... (البشری: ص ۱۹)

دوسرا فصل

اسماء مشتقہ کے بیان میں ہے۔

اسماء مشتقہ چھ ہیں: اسم فاعل، اسم مفعول، اسم تفضیل، صفت مشبہ، اسم آلہ، اور اسم ظرف

اسم فاعل وہ اسم مشتق جو ایسی ذات پر دلالت کرے کہ جس سے فعل صادر ہو یا اس کے ذریعہ فعل قائم ہو۔ جیسے ضَارِبٌ ، قائمٌ

اسم فاعل کے اوزان چھ ہیں۔

فاعلٌ	فَاعِلَان	فَاعِلَيْنِ	فَاعِلُونَ	فَاعِلِيْنَ	فَاعِلَةٌ	فَاعِلَتَانِ	فَاعِلَاتٌ

اسم فاعل اور فاعل میں فرق

۱ اسم فاعل ہمیشہ مشتق ہوتا ہے اور فاعل اکثر جامد ہوتا ہے۔
۲ اسم فاعل میں معنی حدثی (مصدری) ہوتا ہے جبکہ فاعل میں اس کا اعتبار نہیں کیا جاتا۔

اسم فاعل کا وزن:

مجرد ابواب سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے ضاربٌ
مزید ابواب سے مُفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے یعنی شروع کے میم ضمہ اور عین کلمہ کے کسرہ۔
اسم فاعل کے تثنیہ کا صیغہ حالت رفعی میں الف اور نون مکسور کے ساتھ آتا ہے۔ جیسے جاء نی ضاربان ۔مُکرِمَانِ
حالت نصبی اور جری میں یاء ماقبل مفتوح اور نون مکسور کے ساتھ آتا ہے، جیسے رایتُ ضارِبَیْن مررتُ بِمُکْرِمَیْنِ
اسم فاعل کے جمع کا صیغہ حالت رفعی میں واو اور نون مفتوح کے ساتھ آتا ہے، جیسے جاء نی ضاربُونَ ، مُکرِمُونَ
حالت نصبی اور جری میں یاء ماقبل مکسور اور نون مفتوح کے ساتھ آتا ہے، جیسے رایتُ ضارِبِیْنَ، مررتُ بمُکْرِمِیْنَ

اسم مفعول کہ دلالت کند بر ذاتے ...... (البشریٰ: ص ۲۰)

اسم مفعول وہ اسم مشتق جو ایسی ذات پر دلالت کرے کہ جس پر فعل واقع ہوا ہو۔ جیسے مضروب

اسم مفعول کے اوزان نو ہیں

مفعول	مفعولان	مفعولَین	مفعولُون	مفعولِین	مفعولة	مفعولَتان	مفعولَتین	مفعولات

اسم مفعول اور مفعول میں فرق

1. اسم مفعول ہمیشہ مشتق ہوتا ہے اور مفعول اکثر جامد ہوتا ہے۔
2. اسم مفعول میں معنی حدثی (مصدری) ہوتا ہے جبکہ مفعول میں اس کا اعتبار نہیں کیا جاتا۔

اسم مفعول کا وزن:

مجرد ابواب سے مفعول کے وزن پر آتا ہے، جیسے مضروبٌ۔

مزید ابواب سے شروع کے میم مضموم اور عین کلمہ مفتوح کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے مُکرَمٌ

اسم مفعول کا صیغہ حالت تثنیہ میں الف کے ساتھ آتا ہے، جیسے جاء نی ۔ مَضروبان ، مُکرَمَانِ۔

حالت نصبی اور جری میں یاء ماقبل مفتوح کے ساتھ آتا ہے، جیسے رایتُ مضرُوبَینِ، مررتُ بِمُکرَمَیْنِ۔

اسم مفعول کے جمع کا صیغہ حالت رفعی میں واو کے ساتھ آتا ہے، جیسے جاء نی مضروبون ،مُکرَمُونَ۔

حالت نصبی اور جری میں یاء ماقبل مکسور کے ساتھ آتا ہے، جیسے رایتُ مضروبِین ، مررتُ بمُکْرَمِیْنَ۔

اسم تفضیل کہ دلالت کند بر زیادت معنیٰ فاعلیت نسبت بدیگر ...... (البشریٰ: ص ۲۰)

اسم تفضیل وہ اسم مشتق جس میں معنیٰ فاعلیت، باعتبار غیر (دوسروں) کے زیادہ ہو ۔ جیسے زَیْدٌ اَضربُ مِنْ عَمْرٍو زید عمرو سے زیادہ مارنے والا ہے۔

اسم تفضیل کے اوزان

اَفْعَلُ	اَفْعَلَان	اَفْعَلَیْنِ	اَفْعَلُوْنَ	اَفْعَلِیْنَ	اَفَاعِلُ
فُعْلیٰ	فُعْلَیَان	فُعْلَیَیْنِ	فُعْلَیَاتُ	فُعَلٌ	

اسم تفضیل کا استعمال

1. ثلاثی مجرد سے آتا ہے غیر ثلاثی سے نہیں آتا۔

۲ رنگ اور عیب کے معنی والے مادّہ سے نہیں آتا۔

۳ افعال ناقصہ، افعال غیر متصرفہ سے نہیں آتا۔

فائدہ: اسم تفضیل کبھی معنی مفعولیت کی زیادتی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ جیسے اشھر بمعنی زیادہ مشہور

صفت مشبہ آں کہ دلالت کند بر اتصاف ذاتے بمعنی مصدری بوضع ثبوت ...... (البشریٰ: ص ۲۱)

صفت مشبہ وہ اسم مشتق جس میں معنی مصدری دائمی طور پر ہو، جیسے سَمِیْعٌ ہمیشہ سننے والا ہے۔

صفت مشبہ اور اسم فاعل میں فرق

لفظی فرق اسم فاعل کے اوزان متعین ہیں، صفت مشبہ کے متعین نہیں۔

معنوی فرق اسم فاعل میں معنی مصدری عارضی ہوتا ہے۔ صفت مشبہ میں دائمی۔ جیسے سامع یعنی وقتی طور پر سننے والا یعنی جب کوئی بول رہا ہو یا آواز آرہی ہو تو سامع ہے اگر دوسرے کی آواز خاموش ہوگئی تو اب اس کو سامع نہیں کہا جائے گا کیونکہ اس کا سننا ختم ہوا عارضی تھا اور سمیع بطور دوام ہمیشہ ہر وقت سننے والا چاہے کوئی کلام کرے یا نہ کرے یعنی اس کے لیے کسی کلام یا آواز کی ضرورت نہیں۔

بنائی فرق اسم فاعل لازم اور متعدی دونوں سے آتا ہے، صفت مشبہ صرف لازم ہوتی ہے اگرچہ اس کا فعل شروع میں متعدی تھا بعد میں لازم کی طرف منتقل کیا گیا۔

عملی فرق اسم فاعل کا معمول اسم فاعل پر مقدم ہوسکتا ہے، صفت مشبہ کا نہیں۔

صفت مشبہ کے اوزان

صَعْبٌ	صِفْرٌ	صُلْبٌ	حَسَنٌ	خَشِنٌ	نَدُسٌ	زِئَمٌ	بِلِزٌ
حُطَمٌ	جُنُبٌ	اَحْمَرُ	كَابِرٌ	كَبِيْرٌ	غَفُوْرٌ	جَيِّدٌ	جَبَانٌ
عَطْشَانٌ	هِجَانٌ	شُجَاعٌ	عَطْشیٰ	حُبْلیٰ	حَمْرآءُ	عُشَرَآءُ	

صفت مشبہ کی گردان

حَسَنٌ	حَسَنَانِ	حَسَنَيْنِ	حَسَنُوْنَ	حَسَنِيْنَ
حَسَنَةٌ	حَسَنَتَانِ	حَسَنَتَيْنِ	حَسَنَاتٌ	

اسم آلہ کہ دلالت کند بر آلۂ صدور فعل ...... (البشریٰ: ص ۲۲)

اسم آلہ وہ اسم مشتق جو فعل کے صادر ہونے کے آلہ اور واسطہ پر دلالت کرے، جیسے مِضْرَبٌ مارنے کا آلہ۔

اسم آلہ تین وزن پر آتا ہے: **مِفعل ، مِفعلةٌ ، مِفعال**

اسم آلہ کی گردان

مِنصَرٌ	مِنصَرَانِ	مِنصَرَينِ	مَنَاصِرُ	مِنصَرَةٌ	مِنصَرَتَانِ
مِنصَرَتَينِ	مَناصِرُ	مِنصَارٌ	مِنصارَانِ	مِنصَارَينِ	مَنَاصِيرُ

اسم آلہ کبھی فَاعَلٌ کے وزن پر بھی آتا ہے، جیسے خَاتَمٌ ، عَالَمٌ لیکن اب یہ دو نام بن گئے ہیں۔ اس وجہ سے اسم آلہ کیلئے استعمال نہیں ہوتے۔

اسم ظرف دلالت می کند بر جائے صدور فعل یا صدور فعل ...... (البشریٰ: ص ۲۳)

اسم ظرف وہ اسم مشتق جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ یا وقت پر دلالت کرے، جیسے مَقْتَلٌ قتل ہونے کی جگہ۔ مَضرِبٌ مارنے کی جگہ۔

اسم ظرف کا وزن

١. مضارع مفتوح العین یا مضموم العین ہو تو ظرف **مَفْعَلٌ** کے وزن پر آتا ہے، جیسے **مَفْتَحٌ ، مَنْصَرٌ**
٢. مضارع مکسور العین ہو تو ظرف **مَفْعِلٌ** کے وزن پر آتا ہے، جیسے **مَضْرِبٌ**
٣. ناقص مطلقاً (جو مفتوح العین یا مضموم العین یا مکسور العین ہو) مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے **مَرْمیً**
٤. مثال مطلقاً (جو مفتوح العین یا مضموم العین یا مکسور العین ہو) **مَفْعِلٌ** کے وزن پر آتا ہے، جیسے **مَوْقِعٌ**
٥. مضاعف: اگر مضارع مفتوح العین یا مضموم العین ہو تو ظرف **مَفْعَلٌ** کے وزن پر آئیگا، اور اگر مضارع مکسور العین ہو تو ظرف **مَفْعِلٌ** کے وزن پر آئیگا۔ لیکن قرآن مجید میں جو لفظ مَفَرٌّ آیا ہے وہ مصدر میمی ہے ظرف نہیں ہے۔

اسم ظرف کی گردان

مَضرِبٌ	مَضرِبَانِ	مَضرِبَینِ	مَضَارِبُ

فائدہ ١ اسم ظرف کبھی خلاف قیاس مُکْحُلَۃٌ اور مَسْجِدٌ کے وزن پر بھی آتا ہے۔

فائدہ ٢ جہاں کوئی چیز کثرت سے پائی جاتی ہو اس جگہ کے لیے مَفعَلَۃٌ مَقبَرَۃٌ کا وزن آتا ہے۔

فائدہ ٣ جو چیز کام کرتے وقت گرتی ہے اس چیز کے لیے فُعَالَۃٌ کا وزن آتا ہے۔

ثلاثی مجرد کے ۴۴ مصادر کے اوزان کو یاد کرنے کا آسان نقشہ

1. فَعْلٌ......قَتْلٌ
2. فِعْلٌ......فِسْقٌ
3. فُعْلٌ......شُغْلٌ

آخر میں ۃ کے اضافہ کیساتھ

4. فَعْلَةٌ......رَحْمَةٌ
5. فِعْلَةٌ......نِشْدَةٌ
6. فُعْلَةٌ......كُدْرَةٌ

آخر میں الف مقصورہ کے اضافہ کے ساتھ

7. فَعْلٰى......دَعْوٰى
8. فِعْلٰى......ذِكْرٰى
9. فُعْلٰى......بُشْرٰى

آخر میں الف ممدودہ کے اضافہ کے ساتھ

10. فَعْلَاءُ......رَغْبَاءُ

آخر میں الف نون کے اضافہ کے ساتھ

11. فَعْلَانٌ......لَيَّانٌ
12. فِعْلَانٌ......حِرْمَانٌ
13. فُعْلَانٌ......غُفْرانٌ

☆☆

14. فَعَلٌ......طَلَبٌ
15. فِعَلٌ......صِغَرٌ
16. فُعَلٌ......هُدًى
17. فَعِلٌ......خَنِقٌ
18. فَعِلَةٌ......سَرِقَةٌ
19. فَعَلَةٌ......غَلَبَةٌ

آخر میں نون کے اضافہ کے ساتھ

20. فَعَلَانٌ......نَزَوانٌ

☆☆

21. مَفْعَلٌ......مَدْخَلٌ
22. مَفْعِلٌ......مَرْجِعٌ
23. مَفْعُوْلٌ......مَكْذُوبٌ

☆☆

24. مَفْعَلَةٌ......مَنْقَبَةٌ
25. مَفْعِلَةٌ......مَحْمِدَةٌ
26. مَفْعُلَةٌ......مَمْلُكَةٌ
27. مَفْعُوْلَةٌ......مَكْذُوبَةٌ

☆☆

28. فَعَالٌ......كَمَالٌ
29. فِعَالٌ......فِصَالٌ
30. فُعَالٌ......سُؤَالٌ

آخر میں ۃ کے اضافہ کے ساتھ

31. فَعَالَةٌ......شَهَادَةٌ
32. فِعَالَةٌ......دِرَايَةٌ
33. فُعَالَةٌ......بُغَايَةٌ
34. فَعَالِيَةٌ......كَرَاهِيَةٌ
35. فَاعِلَةٌ......كَاذِبَةٌ

☆☆

36. فَعِيْلٌ......وَمِيْضٌ
37. فَعِيْلَةٌ......قَطِيْعَةٌ
38. فُعُوْلٌ......دُخُوْلٌ
39. فُعُوْلَةٌ......صُهُوْبَةٌ
40. فَعُوْلٌ......قَبُوْلٌ

☆☆

41. فَعْلُوْلَةٌ......قَيْلُوْلَةٌ
42. فَعْلُوَّةٌ......جَبْرُوَّةٌ
43. فَعُّوْلَةٌ......جَبُّوْرَةٌ
44. فَيْعُوْلَةٌ......كَيْنُوْنَةٌ

فعلۃ در ثلاثی مجرد برائے مرۃ آید ...... (البشریٰ: ص ۲۷)

ثلاثی مجرد کے مصدر کی قسمیں

مصدر فَعْلَةٌ وہ مصدر ہے جو فعل کے ایک مرتبہ واقع ہونے پر دلالت کرے، جیسے ضَرْبَةٌ (ایک دفعہ مارنا)

مصدر فِعْلَةٌ وہ مصدر ہے جو فعل کی ہیئت اور نوعیت پر دلالت کرے، جیسے جَلَسْتُ جِلسَةَ الْقارِی (قاری کی طرح بیٹھا)

مصدر فُعْلَةٌ وہ مصدر ہے جو فعل کے ایک خاص مقدار پر دلالت کرے، جیسے اُکْلَةٌ (کھانے کی ایک خاص مقدار)

فائدہ: برائے مبالغہ صیغہ فعّالٌ آید ...... (البشریٰ: ص ۲۷)

اسم مبالغہ جو معنی فاعلیت کی زیادتی پر اپنی ذات کی حد تک دلالت کرے نہ کہ بنسبت غیر کے، جیسے ضُرَّابٌ زیادہ مارنے والا

اسم مبالغہ کے مشہور چار اوزان ہیں۔

فَعَّالٌ جیسے ضَرَّاب (زیادہ مارنے والا)	فُعَّالٌ جیسے طُوَّالٌ (زیادہ لمبا)
فَعِلٌ جیسے حَذِرٌ (زیادہ پرہیز کرنے والا)	فَعِیلٌ جیسے عَلِیْمٌ (بہت جاننے والا)

اسم مبالغہ اور اسم تفضیل میں فرق

اسم تفضیل میں معنی فاعلیت کی زیادتی باعتبار غیر ہوتی ہے، جیسے زیدٌ اَضربُ مِنْ عَمْرٍو (یعنی زید کی مار باعتبارِ عمر کے زیادہ ہے)

اسم مبالغہ میں معنی فاعلیت کی زیادتی باعتبار خود ہوتی ہے، غیر کے اعتبار سے نہیں، جیسے زید ضُرَّاب زید باعتبارِ خود زیادہ مارنے والا ہے۔

اسم مبالغہ اور صفت مشبہ میں فرق

1. صفت مشبہ فعل لازم سے آتا ہے، اسم مبالغہ فعل متعدی سے۔
2. اسم مبالغہ میں معنی فاعلیت کی زیادتی مقصود ہوتی ہے، اور صفت مشبہ میں ایسا نہیں ہوتا۔

فائدہ

ذکر فاعل عدد ...... (البشریٰ: ص۲۸)

فاعل عدد وہ لفظ جو فاعل کے وزن پر ہو اور گنتی میں مرتبہ بھی بیان کرے۔

فاعل عدد کا مفرد اور مرکب سے بنانے کا طریقہ:

مفرد میں ۱ سے ۱۰ تک صرف فاعل کے وزن پر آتا ہے، جیسے حَادِیْ پہلا ثَانِیْ دوسرا ثَالِث تیسرا...... تاسع نواں

مرکب میں ۱۱ تا ۱۹ ...... ۲۱ تا ۲۹ ...... ۳۱ تا ۳۹ ...... ۴۱ تا ۴۹۔ اسی طرح ۹۱ تا ۹۹ تک پہلے جز کو فاعل کے وزن پر لاتے ہیں اور دوسرے کو اپنی حالت پر چھوڑتے ہیں۔ جیسے حَادِیْ عشر (گیارہواں) ثَانِیْ عشر (بارہواں)

دہائیوں میں یہی دہائی والا عدد مرتبہ کیلئے بھی آتا ہے۔ جیسے عِشْرُوْنَ (بیس، بیسواں) وغیرہ

فاعل ذی کذا وہ لفظ جو فاعل کے وزن پر ہو اور نسبت پر دلالت کرے۔

فاعل ذی کذا بنانے کا طریقہ:

جس چیز کی طرف نسبت بیان کرنا ہو تو اسی مادہ سے فاعل کا وزن لاتے ہیں، جیسے لَابِنٌ دودھ والا۔ تَامِرٌ کھجور والا۔

نقشہ باب دوم

باب دوم : میں ۴ فصل ہیں۔

فصل اول
ثلاثی مجرد کے ۶ ابواب

- پہلا باب:نصر ینصر
- دوسرا باب:ضرب یضرب
- تیسرا باب:سمع یسمع
- چوتھا باب:فتح یفتح
- پانچواں باب:کرم یکرم
- چھٹا باب:حسب یحسب

فصل دوم
ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

ہمزہ وصلی کے ۷ ابواب

- ❶ باب:افتعال

قاعدہ:
اذکر،ادّکر/اطّلب اظّلم
اثّار،اثّبت/ خصّم

- ❷ باب:استفعال الاستنصار
- ❸ باب:انفعال الانفطار
- ❹ باب:افعلال الاحمرار
- ❺ باب:افعیلال الادھیمام
- ❻ باب:افعیعال الاخشیشان
- ❼ باب:افعوّال الاجلوّاذ

غیر ہمزہ وصلی کے ۵ ابواب

- ❶ باب:افعال الاکرام
- ❷ باب:تفعیل التصریف
- ❸ باب:مفاعلہ المقاتلہ
- ❹ باب:تفعل التقبل
- ❺ باب:تفاعل التقابل

قاعدہ
تفعل ،تفاعل کے تاء کے بارے میں
اطھر اثاقل

باب دوم در بیان ابواب مشتمل بر چہار فصل...... (البشریٰ: ص ۲۹)

باب دوم

چار فصلوں پر مشتمل ہے

فصل اوّل ثلاثی مجرد کے ابواب کے بیان میں ہے۔

پہلا باب ماضی مفتوح العین اور مضارع مضموم العین (فَعَلَ یَفْعُلُ) ہو، جیسے النَّصْرُ و النُّصْرَۃُ (مدد کرنا)

صرف صغیر: نَصَرَ یَنْصُرُ نَصْرًا وَنُصْرَۃً فَھُوَ نَاصِرٌ وَنُصِرَ یُنْصَرُ نَصْرًا وَنُصْرَۃً فَھُوَ مَنْصُورٌ اَلْاَمْرُ مِنْهُ اُنْصُرْ وَالنَّھْیُ عَنْهُ لَاتَنْصُرْ اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَنْصَرٌ وَالْاٰلَۃُ مِنْهُ مِنْصَرٌ وَمِنْصَرَۃٌ وَمِنْصَارٌ وَتَثْنِیَتُھُمَا مَنْصَرَانِ وَمِنْصَرَانِ وَالْجَمْعُ مِنْھُمَا مَنَاصِرُ وَمَنَاصِیْرُ وَاَفْعَلُ التَّفْضِیْلِ مِنْهُ اَنْصَرُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ نُصْرٰی وَتَثْنِیَتُھُمَا اَنْصَرَانِ وَنُصْرَیَانِ وَالْجَمْعُ مِنْھُمَا اَنْصَرُوْنَ وَاَنَاصِرُ وَنُصَرٌ وَنُصْرَیَاتٌ۔

دوسرا باب ماضی مفتوح العین اور مضارع مکسور العین (فَعَلَ یَفْعِلُ) ہو، جیسے اَلضَّرْبُ (مارنا)

تیسرا باب ماضی مکسور العین اور مضارع مفتوح العین (فَعِلَ یَفْعَلُ) جیسے اَلسَّمْعُ (سننا)

چوتھا باب ماضی مفتوح العین اور مضارع مفتوح العین (فَعَلَ یَفْعَلُ) جیسے اَلْفَتْحُ (کھولنا)

اس باب کے لئے شرط یہ ہے کہ عین کلمہ یا لام کلمہ میں حروف حلقی میں سے کوئی ایک ہو۔ اور حروف حلقی چھ ہیں۔

شعر

حرف حلقی شش بود اے نور عین
ہمزہ ہاؤ حاؤ خاؤ عین و غین

پانچواں باب ماضی اور مضارع دونوں مضموم العین ہوں (فَعُلَ یَفْعُلُ) جیسے اَلْکَرَمُ وَ الْکَرَامَۃُ (معزز اور بزرگ ہونا)

فائدہ یہ باب لازم ہے، اس سے مجہول اور مفعول کی گردان نہیں آتی۔ اگر اس باب کو حرف جر کے ذریعہ متعدی بنایا جائے تو پھر اس سے مجہول اور مفعول کی گردان بھی آسکتی ہیں۔ جیسے کَرُمَ بِہٖ، مَکْرُوْمٌ بِہٖ

فعل بر دو قسم است ۱: لازم ۲: متعدی …… (البشریٰ: ص ۳۱)

فعل دو قسم پر ہیں: ❶ فعل لازم، ❷ فعل متعدی

فعل لازم وہ ہے جو فاعل پر تام ہو مفعول کا تقاضا نہ کرے، جیسے کَرُمَ زَیْدٌ

فعل متعدی وہ ہے جو فاعل پر تام نہ ہو بلکہ مفعول کا بھی تقاضا کرے، جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًوا

چھٹا باب ماضی اور مضارع دونوں مکسور العین ہوں (فَعِلَ یَفْعِلُ) جیسے اَلْحَسْبُ وَ الْحِسْبَانُ (گمان کرنا)

فائدہ اس باب کے وزن پر صحیح میں سے صرف حَسِبَ یَحْسِبُ اور نعم ینعم ہیں باقی مثال اور لفیف کے کلمات اس باب سے آتے ہیں۔ جیسے وَلِقَ وَرِیَ وغیرہ

فائدہ حِسْبَانٌ کے مادہ میں مضارع کو مفتوح العین حَسِبَ یَحْسَبُ پڑھنا بھی صحیح ہے۔

نوٹ ان تمام ابواب کی صرف صغیر نصر ینصر کی طرح کرنی چاہیے۔

فصل دوم در ابواب ثلاثی مزید فیہ مطلق …… (البشریٰ: ص ۳۱)

فصل دوم

ثلاثی مزید فیہ مطلق کے ابواب کے بیان میں ہے۔

ثلاثی مزید فیہ کی دو قسمیں ہیں ❶ ملحق اور ❷ غیر ملحق (مطلق)

ملحق کی تعریف: وہ باب جو کسی حرف کی زیادتی کی وجہ سے رباعی کے وزن پر ہو جائے۔ اور ملحق (جلبب)، ملحق بہ (جَلْبَ) کی خاصیت (معنی) بھی ایک ہو۔

غیر ملحق (مطلق) کی تعریف: وہ باب جو کسی حرف کی زیادتی کی وجہ سے رباعی کے وزن پر نہ ہو، جیسے اجتنب (زیادتی حرف کے باوجود رباعی کے وزن "فَعْلَلَ" پر نہیں اور اگر وزن پر ہو لیکن رباعی کے معنی کے علاوہ دوسرا معنی بھی پایا جائے، جیسے اکرم "فَعْلَلَ" کی وزن پر ہے لیکن جو خاصیت (معنی) اس میں ہے وہ باب بَعْثَرَ میں نہیں ہے، تو وہ بھی غیر ملحق یعنی مطلق کہلائے گا۔

ملحق کا بیان رباعی کے بعد ہے، یہاں غیر ملحق یعنی مطلق کا بیان ہے۔
اور اسکی دو قسمیں ہیں ❶ ہمزہ وصلی کے ساتھ ہو اور ❷ ہمزہ وصلی کے بغیر ہو

اول راہفت باب است ......(البشریٰ: ص ۳۲)

ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصلی کے ❼ ابواب ہیں

ہمزہ وصلی کی تعریف: جو درمیان کلام میں واقع ہونے کی وجہ سے گر جائے۔ جیسے فَاجْتَنِبُوْا

پہلا باب افتعال جیسے اَلْاِجْتِنَاب (پرہیز کرنا)

علامت: فاءکلمہ کے بعد "ت" زائد ہوتا ہے۔

صرف صغیر: اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ اِجْتِنَاباً فَهُوَ مُجْتَنِبٌ وَاُجْتُنِبَ يُجْتَنَبُ اِجْتِنَاباًفَهُوَ مُجْتَنَبٌ الامر منه اِجْتَنِبْ والنهى عنه لَاتَجْتَنِبْ الظرف منه مُجْتَنَبٌ مُجْتَنَبَانِ مُجْتَنَبَاتٌ۔

دریں باب و جملہ ابواب......(البشریٰ: ص ۳۳)

ماضی مجہول کا قاعدہ ثلاثی مزید، رباعی مجرد اور مزید کے تمام ابواب میں فعل ماضی مجہول کے تمام متحرک حروف مضموم، ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے اور ساکن حرف کو اپنی حالت پر چھوڑا جاتا ہے، جیسے اُجْتُنِبَ

ودر نفی ماضی ایں باب و جملہ ابواب ہمزہ وصل...... (البشریٰ: ص ۳۳)

فائدہ ماضی منفی معلوم و مجہول کے شروع میں ما اور لائے نفی آجائے تو ہمزہ وصلی کے گرنے کے ساتھ ما اور لا کا الف بھی گر جاتا ہے۔ جیسے مَااجْتَنَبَ مَا اجْتُنِبَ ، لَااجْتَنَبَ لَا اجْتُنِبَ

اسم فاعل کا قاعدہ ثلاثی مزید، رباعی مجرد اور مزید کے تمام ابواب میں اسم فاعل مضارع معلوم کے وزن پر آتا ہے اور علامت مضارع کی جگہ میم مضموم لاتے ہیں اور ماقبل آخر کو کسرہ دیتے ہیں، جیسے يَجْتَنِبُ سے مُجْتَنِبٌ

اسم مفعول کا قاعدہ اسم مفعول فاعل کی طرح ہے مگر ماقبل آخر مفتوح ہوتا ہے، جیسے مُجْتَنَبٌ

اسم ظرف اور اسم تفضیل کا قاعدہ اسم ظرف، اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے البتہ غیر ثلاثی مجرد سے اسم آلہ اور اسم تفضیل نہیں آتے اگر اسم آلہ یا اسم تفضیل کا معنی مقصود ہو تو اسم آلہ کے لیے مصدر پر مابه کا اضافہ کرتے ہیں جیسے مابه الاجتناب، اور اسم تفضیل کے لیے منصوب مصدر پر لفظ "اَشَدُّ" کا

اضافہ کرتے ہیں، جیسے اشدُّ اِجْتِنَاباً۔

عیب اور رنگ والے ثلاثی مجرد کے باب سے اسم تفضیل بنانے کا قاعدہ رنگ اور عیب والے ثلاثی مجرد سے اگر اسم تفضیل بنانا ہو تو وہاں بھی منصوب مصدر کے ساتھ لفظ ''اَشَدُّ'' کا اضافہ کریں گے، جیسے اَشَدُّ حُمْرَةً ۔ اَشَدُّ صَمَماً

قاعدہ: اگر فائے افتعال دال یا ذال زا باشد...... (البشریٰ: ص ۳۳)

قاعدہ نمبر 1 اِدَّکَرَ ، اِذَّکَرَ کا ہے

باب افتعال کے فا کلمہ میں دال ، ذال یا زا ہو تو تائے افتعال کو دال سے تبدیل کیا جاتا ہے۔

پھر اگر فا کلمہ میں دال ہو تو ادغام واجب ہے جیسے اِدْتَعَوَ سے اِدَّعَوَ پھر (یدعیٰ قانون سے) اِدَّعَيَ پھر (قال باع قانون سے) اِدَّعیٰ ہوا

اگر فا کلمہ میں ذال ہو تو تین صورتیں جائز ہیں:

1. ذال کو دال کر کے ادغام کرنا، جیسے اِذْدَکَرَ سے اِدَّکَر
2. دال کو ذال کر کے ادغام کرنا، جیسے اِذْدَکَرَ سے اِذَّکَرَ
3. بغیر ادغام کے چھوڑنا، جیسے اِذْدَکَر

اگر فا کلمہ میں زا ہو تو دو صورتیں جائز ہیں:

1. دال کو زا کر کے ادغام کرنا، جیسے اِزْدَجَرَ سے اِزَّجَرَ
2. بغیر ادغام کے چھوڑنا، جیسے اِزْدَجَرَ

قاعدہ: اگر فائے افتعال صاد و ضاد و طا و ظا...... (البشریٰ: ص ۳٤)

قاعدہ نمبر 2 اِطَّلَبَ ،اِظَّلَمَ کا ہے،

باب افتعال کے فا کلمہ میں صاد، ضاد، طا یا ظا ہو تو تاء افتعال کو طا سے تبدیل کیا جاتا ہے۔

پھر اگر فا کلمہ میں طا ہو تو تا کو طا کر کے طا کو طا میں ادغام کرنا واجب ہے:

جیسے اِطْتَلَبَ پھر اِطْطَلَب سے اِطَّلَبَ

اگر فا کلمہ میں ظا ہو تو تین صورتیں جائز ہیں:

1. ظاء کو طا کر کے ادغام کرنا، جیسے اِظْطَلَمَ سے اِطَّلَمَ

۲ طاءکو ظاکر کے ادغام کرنا، جیسے اِظْطَلَمَ سے اِطَّلَمَ

۳ ......بغیر ادغام کے چھوڑنا، جیسے اِظْطَلَمَ

اگر فا کلمہ میں صاد یا ضاد ہو تو دو صورتیں جائز ہیں:

۱ طاءکو صاد کر کے ادغام کرنا، جیسے اِصْتَبَرَ سے اِصْطَبَرَ پھر اِصَّبَرَ،

یا......طاءکو ضاد کر کے ادغام کرنا، جیسے اِضْتَرَبَ سے اِضْطَرَبَ پھر اِضَّرَبَ

۲ بغیر ادغام کے چھوڑنا، جیسے اِصْطَبَرَ، اضْطَبَرَ

قاعدہ: اگر فائے افتعال ثا باشد...... (البشریٰ: ص۳٤)

قاعدہ نمبر 3 اِثَّارَ ، اِثَّبَتَ کا ہے

باب افتعال کے فاکلمہ میں ثاء ہو تو تاء افتعال کو ثاء سے تبدیل کرنا جائز ہے، بعد میں ادغام واجب ہے۔ جیسے اِثْتَبَرَ ،پھر (قال باع سے) اِثْتَار ،پھر (اسی قانون سے) اِثَّارَ ہوا۔

اِثتَبَتَ پھر اِثْثَبَتَ پھر اِثَّبَتَ ہوا۔

قاعدہ: عین افتعال اگر تا و ثاء و جیم...... (البشریٰ: ص۳٤)

قاعدہ نمبر 4 خَصَّمَ کا ہے

باب افتعال کے عین کلمہ میں تا، ثا، جیم، دال، ذال، زا، سین، شین، صاد، ضاد، طاء، ظاء میں سے کوئی ایک ہو تو تاء افتعال کو عین کلمہ کی جنس کر کے مدغم کیا جائیگا:

جیسے اِخْتَصَمَ سے اِخْصَصَمَ ہوا پھر (صاد کی حرکت خاء کو دیکر صاد کو صاد میں ادغام کیا تو ہمزہ وصلی مابعد کے متحرک ہونے کی وجہ سے گرگیا) خَصَّمَ ہوا.

اِهْتَدٰی سے اِهْدَدٰی ہوا پھر (دال اول کی حرکت ھاء کو دیکر دال کو دال میں ادغام کیا تو ہمزہ وصلی کی مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے گرگیا) هَدّٰی ہوا

ماضی، مضارع، امر اور نہی: میں فاکلمہ کو کسرہ دینا بھی جائز ہے۔ جیسے اِخْتَصَمَ سے خِصَّمَ۔

اِهْتَدٰی سے هِدّٰی ۔يَخْتَصِمُونَ سے يَخِصِّمُونَ ۔ يَهْتَدِيْ سے يَهِدِّيْ (یہ قرآن میں بھی ہے)

اسم فاعل اور مفعول: کے فاءکلمہ میں تین صورتیں جائز ہیں۔ فتحہ ،کسرہ اور ضمہ

اسم فاعل: جیسے مُخْتَصِمٌ سے مُخَصِّمٌ ، مُخِصِّمٌ ، مُخُصِّمٌ

اسم مفعول: جیسے مُخْتَصَمٌ سے مُخَصَّمٌ ، مُخِصَّمٌ ، مُخُصَّمٌ

باب دوم استفعال ...... (البشریٰ: ص ۳۵)

دوسرا باب استفعال جیسے اَلْاِسْتِنْصَارُ (مدد طلب کرنا)

علامت: فاءکلمہ سے پہلے "س" اور "ت" زائد ہوتے ہیں۔

صرف صغیر: اِسْتَنْصَرَ يَسْتَنْصِرُ اِسْتِنْصَارًا فَهُوَ مُسْتَنْصِرٌ وَاُسْتُنْصِرَ يُسْتَنْصَرُ اِسْتِنْصَارًا فهو مُسْتَنْصَرٌ الأمر منه اِسْتَنْصِرْ والنهى عنه لَاتَسْتَنْصِرْ الظرف منه مُسْتَنْصَرٌ۔

فائدہ تائے استفعال کو حذف کرنا جائز ہے۔ جیسے فَمَااسْتَطَاعُوْا سے فَمَااسْطَاعُوْا ، مالم تَسْتَطِعْ سے مالم تَسْطِعْ (یہ باب قرآن مجید میں بھی ہے)

باب سوم انفعال ...... (البشریٰ: ص ۳۵)

تیسرا باب انفعال جیسے اَلْاِنْفِطَارُ (پھٹ جانا)

علامت: فاءکلمہ سے پہلے "ن" زائد آتا ہے۔

صرف صغیر: اِنْفَطَرَ يَنْفَطِرُ اِنْفِطَارًا فهو مُنْفَطِرٌ الأمر منه اِنْفَطِرْ والنهى عنه لَاتَنْفَطِرْ الظرف منه مُنْفَطَرٌ۔

فائدہ جس لفظ کے فاءکلمہ میں "ن" ہو وہ باب انفعال سے نہیں آتا، اگر باب انفعال کا معنی مقصود ہو تو ایسے لفظ کو باب افتعال میں لے جاتے ہیں، جیسے نَكَسَ سے اِنْتَكَسَ (سرنگوں ہونا)

باب چہارم افعلال ...... (البشریٰ: ص ۳۶)

چوتھا باب افعلال جیسے اَلْاِحْمِرَار (سرخ ہونا)

علامت: لام کلمہ کا مکرر ہونا اور ماضی میں ہمزہ وصلی کے بعد چار حروف کا ہونا

صرف صغیر: اِحْمَرَّ يَحْمَرُّ اِحْمِرَارًا فهو مُحْمَرٌّ الأمر منه اِحْمَرَّ اِحْمَرِّ اِحْمَرِرْ والنهى عنه لَاتَحْمَرَّ لَا تَحْمَرِّ لَاتَحْمَرِرْ الظرف منه مُحْمَرٌّ

تعلیل: اِحْمَرَّ اصل میں اِحْمَرَرَ تھا دو حرف ایک جنس کے جمع ہو گئے پہلے کو دوسرے میں مدغم کیا اِحْمَرَّ ہو گیا اور دوسرے صیغوں کی تعلیل بھی اسی طرح ہے۔

فائدہ امر، نہی اور مضارع مجزوم میں واحد کے صیغوں کو تین طرح پڑھنا جائز ہیں۔

1. کبھی را کو مفتوح جیسے : اِحْمَرَّ
2. کبھی را کو مکسور جیسے : اِحْمَرِّ
3. کبھی را کو بغیر ادغام کے چھوڑنا جیسے : اِحْمَرِرْ

نہی اور مضارع واحد کے صیغے بھی اسی طرح ہیں۔

فائدہ: لام ایں باب ہمیشہ مشدد باشد...... (البشریٰ: ص۳۶)

فائدہ اس باب کا لام کلمہ ہمیشہ مشدد ہوتا ہے سوائے ناقص کے وہاں لفیف کے احکام پر عمل ہوتا ہے یعنی واو اول کو سلامت رکھا جاتا ہے اور دوسری واو میں ناقص کے قواعد کے مطابق تعلیل ہوتی ہے۔

جیسے اِرْعَوَوَ سے اِرْعَوٰی

باب پنجم افعیلال علامت...... (البشریٰ: ص۳۷)

پانچواں باب افعیلال جیسے اَلْاِدْهِیْمَامُ (زیادہ سیاہ ہونا)

علامت: لام کلمہ کا مکرر ہونا اور لام اول سے پہلے الف کا زائد ہونا ہے۔

صرف صغیر: اِدْهَامَّ يَدْهَامُّ اِدْهِيْمَاماً فهو مُدْهَامٌّ الأمر منه اِدْهَامَّ اِدْهَامِّ اِدْهَامِمْ والنهى عنه لَاتَدْهَامَّ لَاتَدْهَامِّ لَاتَدْهَامِمْ الظرف منه مُدْهَامٌّ۔

ادغام در صیغ ایں باب مثل صیغ باب افعِلال گردیدہ...... (البشریٰ: ص۳۷)

اس باب کے تمام صیغوں کی تعلیل باب افعِلال کی طرح ہے۔

فائدہ یہ باب بھی افعلال کی طرح ہمیشہ لازم آتا ہے اور ان دونوں میں زیادہ تر رنگ وعیب کا معنی پایا جاتا ہے، البتہ باب افعیلال میں مبالغہ زیادہ ہے، جیسے اِحْوِلَالٌ (بھینگا ہونا) اِحْوِيْلَال (زیادہ بھینگا ہونا)

باب ششم افعیعال علامت آں تکرار عین است...... (البشریٰ: ص۳۷)

چھٹا باب اِفْعِيْعَال جیسے اَلْاِخْشِيْشَانُ (سخت کھردرا ہونا)

علامت: عین کلمہ کا مکرر ہونا اور دونوں عین کے درمیان " و " کا آنا۔

صرف صغیر: اِخْشَوْشَنَ يَخْشَوْشِنُ اِخْشِيْشَاناً فهو مُخْشَوْشِنٌ الأمر منه

اِخْشَوشِنْ والنهی عنه لَاتَخْشَوْشِنْ الظرف منه مُخْشَوْشَنٌ۔
یہ باب اکثر لازم استعمال ہوتا ہے اور کبھی متعدی بھی، جیسے اِحْلَولَيْتُه (میں نے اسے شیریں سمجھا)

باب ہفتم: افعوال علامت آں واو مشدد است بعد عین...... (البشریٰ: ص ۳۷)

ساتواں باب اِفْعِوَّال جیسے اَلْاِجلِوَّاذُ (دوڑنا)

علامت: عین کلمہ کے بعد واو مشدد کا زائد ہونا۔

صرف صغیر: اِجْلَوَّذَ يَجْلَوِّذُ اِجْلِوَّاذًا فهو مُجْلَوِّذٌ الأمر منه اِجْلَوِّذْ والنهی عنه لَاتَجْلَوِّذْ الظرف منه مُجْلَوَّذٌ

باب ابواب ثلاثی مزید بے ہمزہ وصل ...... (البشریٰ: ص۳۸)

غیر ہمزہ وصلی کے ۵ ابواب ہیں

غیر ہمزہ وصلی کی تعریف: جو درمیان کلام میں واقع ہونے کی وجہ سے نہ گرے، جیسے ثُمَّ اَنْزَلَ

پہلا باب اِفْعَالٌ جیسے اَلْاِکْرَامُ (عزت واکرام کرنا)

علامت: ہمزہ قطعی ہے ماضی اور امر میں اور مضارع معلوم میں علامتِ مضارع کا مضموم ہے۔

صرف صغیر: اَکْرَمَ یُکْرِمُ اِکْرَاماً فھو مُکْرِمٌ واُکْرِمَ یُکْرَمُ اِکْرَاماً فھو مُکْرَمٌ الأمر منه اَکْرِمْ والنھی عنه لَاتُکْرِمْ الظرف منه مُکْرَمٌ

فائدہ اُکْرِمُ (مضارع واحد متکلم) اصل میں اُاَکْرِمُ تھا دو ہمزے جمع ہو گئے ایک واحد متکلم کا اور ایک باب افعال کا، خلاف قیاس تخفیف کی وجہ سے دوسرے ہمزے کو حذف کیا اُکْرِمُ بن گیا۔ مضارع کے باقی صیغوں سے بھی ہمزے کو موافقت کی غرض سے حذف کر دیا گیا۔

باب دوم تفعیل ...... (البشریٰ: ص۳۸)

دوسرا باب تَفْعِیْل جیسے اَلتَّصْرِیْف (پھیرنا، گھمانا)

علامت: عین کلمہ مشدد ہو، فاء کلمہ سے پہلے تاء زائد نہ ہو اور علامت مضارع مضموم ہو

صرف صغیر: صَرَّفَ یُصَرِّفُ تَصْرِیْفاً فھو مُصَرِّفٌ وصُرِّفَ یُصَرَّفُ تَصْرِیْفاً فھو مُصَرَّفٌ الأمر منه صَرِّفْ والنھی عنه لاتُصَرِّفْ الظرف منه مُصَرَّفٌ

فائدہ اس باب کا مصدر فِعَّالٌ اور فَعَالٌ کے وزن پر بھی استعمال ہوا ہے، جیسے کِذَّابٌ (قرآن میں بھی ہے) سَلَامٌ۔ کَلَامٌ

باب سوم مُفاعلہ ...... (البشریٰ: ص۳۹)

تیسرا باب مُفَاعَلَه جیسے اَلْمُقَاتَلَةُ وَالْقِتَالُ (ایک دوسرے سے لڑنا)

علامت: فا کلمہ کے بعد الف زائد ہو، اور فاء کلمہ سے پہلے تاء زائد نہ ہو اور علامت مضارع مضموم ہو۔

صرف صغیر: قَاتَلَ یُقَاتِلُ مُقَاتَلَةً وَقِتَالاً فھو مَقَاتِلٌ وَقُوْتِلَ یُقَاتَلُ مُقَاتَلَةً وَقِتَالاً فھو مُقَاتَلٌ الأمرمنه قَاتِلْ والنھی عنه لَاتُقَاتِلْ الظرف منه مُقَاتَلٌ

فائدہ ماضی مجہول (قُوْتِلَ ......) اصل میں (قَاتَلَ) تھا فا کلمہ کو ضمہ دیا تو الف ماقبل مضموم ہونے

کی وجہ سے واو سے بدل گیا تو قُوْتِلَ ہوا۔

باب چہارم ...... (البشریٰ: ص۳۹)

چوتھا باب تَفَعُّلٌ جیسے اَلتَّقَبُّلُ (قبول کرنا)

علامت: عین کلمہ مشدد ہوتا ہے اور فاء کلمہ سے پہلے ''ت'' زائد ہوتا ہے۔

صرف صغیر: تَقَبَّلَ يَتَقَبَّلُ تَقَبُّلاً فهو مُتَقَبِّلٌ وتُقُبِّلَ يُتَقَبَّلُ تَقَبُّلاً فهو مُتَقَبَّلٌ الأمر منه تَقَبَّلْ والنهى عنه لَاتَتَقَبَّلْ الظرف منه مُتَقَبَّلٌ

باب پنجم ...... (البشریٰ: ص۴۰)

پانچواں باب تَفَاعُلٌ جیسے اَلتَّقَابُلُ (ایک دوسرے کے مقابل ہونا)

علامت: فاء کلمہ کے بعد ''الف'' اور فاء کلمہ سے پہلے (ت) زائد ہوتا ہے۔

صرف صغیر: تَقَابَلَ يَتَقَابَلُ تَقَابُلاً فهو مُتَقَابِلٌ وتُقُوْبِلَ يُتَقَابَلُ تَقَابُلاً فهو مُتَقَابَلٌ الأمر منه تَقَابَلْ والنهى عنه لَاتَتَقَابَلْ الظرف منه مُتَقَابَلٌ

ماضی مجہول: تُقُوْبِلَ اصل میں تُقَابِلَ تھا ماضی مجہول کے قاعدہ کی وجہ سے تُقَابِلَ ہوا، الف ماقبل مضموم ہونے کی وجہ سے واو سے بدل گیا تو تُقُوْبِلَ ہو گیا۔

قاعدہ نمبر 1 باب تَفَعُّلٌ، تَفَاعُلٌ کے دو تاء میں سے ایک کو حذف کرنا جائز ہے (صرف مضارع معلوم میں) جیسے تَتَقَبَّلُ سے تَقَبَّلُ، تَتَظَاهَرُوْنَ سے تَظَاهَرُوْنَ

قاعدہ نمبر 2 اِطَّهَّرَ، اِثَّاقَلَ والا

ان دو بابوں کے فاء کلمہ میں تاء، ثاء، جیم، دال، ذال، زا، سین، شین، صاد، ضاد، طاء، ظاء ہو تو جائز ہے کہ (ت) کو فاء کلمہ کی جنس کر کے ادغام کرنا جائز ہے، ادغام کے بعد ماضی اور امر کے صیغہ میں ابتداء بالسکون محال ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی لایا جائے گا۔

ماضی جیسے: تَطَهَّرَ سے اِطَّهَّرَ، تَثَاقَلَ سے اِثَّاقَلَ

مضارع جیسے: يَتَطَهَّرُ سے يَطَّهَّرُ، يَتَثَاقَلُ سے يَثَّاقَلُ

امر جیسے: تَثَاقَلْ سے اِثَّاقَلْ

فائدہ اِفَّعُلٌ اِفّاعُلٌ کو صاحب منشعب نے ابواب ہمزہ وصلی میں شمار کیا ہے اور سات کے بجائے ہمزہ وصلی کے نو ابواب ذکر کیے ہیں جبکہ مصنفؒ نے ہمزہ وصلی کے سات ابواب ذکر کیے ہیں اور ان دو کو الگ باب شمار نہیں کیا کیونکہ یہ دو باب الگ باب نہیں بلکہ تفعل اور تفاعل ہی ہیں، محض قاعدہ کی وجہ سے شروع میں ہمزہ وصلی آیا ہے۔

فصل سوم در رباعی مجرد مزید فیہ ...... (البشریٰ: ص ٤١)

تیسری فصل رباعی مجرد اور مزید کے ابواب کے بیان میں ہے۔

رباعی مجرد کا ایک باب ہے۔ **فَعْلَلَةٌ** جیسے: **اَلْبَعْثَرَةُ** (آمادہ کرنا)

علامت: ماضی کے پہلے صیغے میں صرف چار حروف اصلی ہوتے ہیں اور مضارع میں علامت مضارع مضموم ہوتا ہے۔

صرف صغیر: بَعْثَرَ یُبَعْثِرُ بَعْثَرَةً فهو مُبَعْثِرٌ و بُعْثِرَ یُبَعْثَرُ بَعْثَرَةً فهو مُبَعْثَرٌ الأمر منه بَعْثِرْ والنهی عنه لَاتُبَعْثِرْ الظرف منه مُبَعْثَرٌ

قاعدہ کلیہ در حرکتِ علامت مضارع این ست...... (البشریٰ: ص ٤١)

علامت مضارع کی حرکت کا قاعدہ اگر ماضی کے پہلے صیغے میں چار حروف ہوں خواہ سب اصلی ہوں یا کچھ اصلی ہوں کچھ زائد، تو اس کی علامت مضارع مضموم ہوگی، اور اس طرح کے کل چار ابواب ہیں۔

اِفْعال: جیسے یُکْرِمُ

تَفْعِیل: جیسے یُصَرِّفُ

مُفَاعَله: جیسے یُقَاتِلُ

فَعْلَلَة: جیسے یُبَعْثِرُ

ان کے علاوہ باقی تمام ابواب کی علامت مضارع مفتوح ہوگی، جیسے یَنْصُرُ، یَجْتَنِبُ، یَتَقَابَلُ

رباعی مزید فیہ یا بے ہمزہ وصل باشد...... (البشریٰ: ص ٤٢)

رباعی مزید فیہ غیر ہمزہ وصل کا ایک باب ہے۔ **تفعلُل** جیسے **اَلتَّسَرْبُلُ** (کرتا پہننا)

علامت: ماضی میں چار حروف اصلی سے پہلے "ت" زائد ہوتا ہے۔

صرف صغیر: تَسَرْبَلَ یَتَسَرْبَلُ تَسَرْبُلاً فهو مُتَسَرْبِلٌ الأمر منه تَسَرْبَلْ

والنهى عنه لَاتَتَسَرْبَلْ الظرف منه مُتَسَرْبَلٌ

ویا ہمزہ وصل وآں را دو باب ست ...... (البشریٰ: ص ٤٢)

رباعی مزید فیہ ہمزہ وصل کے ۲ باب ہیں

پہلا باب افعِلّال جیسے اَلْاِقْشِعْرَارُ (رونگٹے کھڑے ہونا)

علامت: دوسرا لام مشدد اور ایک لام چار حروف اصلی پر زائد ہوتا ہے۔

صرف صغیر: اِقْشَعَرَّ يَقْشَعِرُّ اِقْشِعْرَارًا فهو مُقْشَعِرٌّ الأمر منه اِقْشَعِرَّ اِقْشَعِرِّ اِقْشَعْرِرْ والنهى عنه لَاتَقْشَعِرَّ لَاتَقْشَعِرِّ لَاتَقْشَعْرِرْ الظرف منه مُقْشَعَرٌّ

تعلیل: اس باب کے صیغوں کی تعلیل باب اِحْمِرَار کی طرح ہے، البتہ اس باب کے متجانسین میں سے حرفِ اوّل کی حرکت ماقبل کو دیتے ہیں (ماقبل ساکن ہونے کی وجہ سے) اور اس حرف کو دوسرے میں ادغام کرتے ہیں، جیسے اِقْشَعْرَرَ سے اِقْشَعَرَّ، لیکن باب احمرار میں حرفِ اوّل کی حرکت ماقبل کو نہیں دیتے کیونکہ ماقبل ساکن نہیں ہوتا بلکہ متحرک ہوتا ہے صرف حرف کو دوسرے میں ادغام کرتے ہیں۔ جیسے اِحْمَرَرَ سے اِحْمَرَّ

باب دوم افعنلال ...... (البشریٰ: ص ٤٢)

دوسرا باب اِفعِنْلَالٌ جیسے اَلْاِبْرِنْشَاقُ (بہت خوش ہونا)

علامت: عین کلمہ کے بعد (ن) زائد ہوتا ہے ۔

صرف صغیر: اِبْـرَنْشَقَ يَبْرَنْشِقُ اِبْرِنْشَاقاً فهو مُبْرَنْشِقٌ الأمر منه اِبْرَنْشِقْ والنهى عنه لَاتَبْرَنْشِقْ الظرف منه مُبْرَنْشَقٌ

فصل چہارم در ثلاثی مزید ملحق برباعی ...... (البشریٰ: ص ٤٣)

چوتھی فصل

ملحق برباعی مجرد اور ملحق برباعی مزید کے ابواب کے بیان میں ہے۔

ثلاثی مزید ملحق برباعی مجرد کے ۷ ابواب ہیں

پہلا باب فَعْلَلَةٌ جیسے اَلْجَلْبَبَةُ (چادر اوڑھانا) جَلْبَبَ يُجَلْبِبُ ......الخ

علامت: لام کلمہ کا مکرر ہونا

الحاق کے لیے ''ب'' کا اضافہ ہوا ہے۔

دوسرا باب فَعْوَلَةٌ جیسے اَلسَّرْوَلَةُ (ازار پہنانا) سَرْوَلَ يُسَرْوِلُ......الخ

علامت: عین کلمہ کے بعد ''و'' زائد ہونا

الحاق کے لیے ''و'' کا اضافہ ہوا ہے۔

تیسرا باب فَيْعَلَةٌ جیسے اَلصَّيْطَرَةُ (نگران ہونا) صَيْطَرَ يُصَيْطِرُ......الخ

علامت: فاءکلمہ کے بعد ''ی'' کا زائد ہونا۔

الحاق کے لیے ''ی'' کا اضافہ ہوا ہے۔

چوتھا باب فَعْيَلَةٌ جیسے اَلشَّرْيَفَةُ (کھیتی اور پتوں کو کاٹنا) شَرْيَفَ يُشَرْيِفُ......الخ

علامت: عین کلمہ کے بعد ''ی'' کا زائد ہونا

الحاق کے لیے ''ی'' کا اضافہ ہوا ہے۔

پانچواں باب فَوْعَلَةٌ جیسے اَلْجَوْرَبَةُ (جوراب پہنانا) جَوْرَبَ يُجَوْرِبُ......الخ

علامت: فاءکلمہ کے بعد ''و'' کا زائد ہونا۔

الحاق کے لیے ''و'' کا اضافہ ہوا ہے۔

چھٹا باب فَعْنَلَةٌ جیسے اَلْقَلْنَسَةُ (ٹوپی پہنانا) قَلْنَسَ يُقَلْنِسُ......الخ

علامت: عین کلمہ کے بعد ''ن'' کا زائد ہونا

الحاق کے لیے ''ن'' کا اضافہ ہوا ہے۔

ساتواں باب فَعْلَاةٌ جیسے اَلْقَلْسَاةُ (ٹوپی پہنانا) قَلْسیٰ يُقَلْسِیْ......الخ

علامت: لام کلمہ کے بعد ''ی'' کا زائد ہونا

الحاق کے لیے (ی) کا اضافہ ہوا ہے۔

صرف صغیر: قَلْسیٰ يُقَلْسِیْ قَلْسَاةً فهو مُقَلْسٍ و قُلْسِيَ يُقَلْسَى قَلْسَاةً فهو مُقَلْسًى الأمر منه قَلْسِ والنهى عنه لَاتُقَلْسِ الظرف منه مُقَلْسًى۔

اس باب کے کچھ صیغوں کی تعلیل: قَلْسیٰ اصل میں قَلْسَيَ تھا قال باع کے قانون سے یاء کو الف سے تبدیل کیا، يُقَلْسِیْ اصل میں يُقَلْسِيُ تھا يدعو يرمى کے قانون سے یاء کا ضمہ حذف کیا، قَلْسَاةٌ اصل میں قَلْسَيَةٌ تھا قال باع کے قانون سے یاء کو الف سے تبدیل کیا، مُقَلْسٍ اصل میں

مُقَلْسِيٌ تھا یدعو یرمی کے قانون سے یاء کا ضمہ حذف کیا پھر التقائے ساکنین ہونے کی وجہ سے پہلا ساکن مدہ حذف کیا، **یُقَلْسَی** اصل میں **یُقَلْسَیُ** تھا قال باع کے قانون سے یاء کو الف سے تبدیل کیا، **مُقَلْسًی** اصل میں **مُقَلْسَیٌ** تھا قال باع کے قانون سے یاء کو الف سے تبدیل کیا پھر التقائے ساکنین ہونے کی وجہ سے الف کو حذف کیا، **قَلْسِ** اصل میں **قَلْسِیْ** تھا امر ہونے کی وجہ سے حرف علت آخر سے گر گیا، **لَاتُقَلْسِ** اصل میں **لَاتُقَلْسِیُ** تھا عامل جازم کی وجہ سے یاء حذف ہوگئی۔

ملحق برباعی مزید یا ملحق بہ ...... (البشری: ص ٤٤)

ملحق برباعی مزید فیہ یا تو ملحق ہوگا **تَفَعْلُلُ** کے ساتھ یا ملحق **بافعنلال** ہوگا یا ملحق **بافعلّال** ہوگا۔

ملحق برباعی مزید فیہ یا ملحق بہ تَفَعْلُلُ کے ۸ ابواب ہیں

پہلا باب **تَفَعْلُلٌ** جیسے **تَجَلْبُبٌ** (چادر اوڑھنا) **تَجَلْبَبَ یَتَجَلْبَبُ**......الخ

علامت: فاءکلمہ سے پہلے ''ت'' زائد ہے اور لام کلمہ مکرر ہے۔

الحاق کے لیے (ت اور ب) کا اضافہ ہوا ہے۔

دوسرا باب **تَفَعْوُلٌ** جیسے **تَسَرْوُلٌ** (شلوار پہننا) **تَسَرْوَلَ یَتَسَرْوَلُ** ......الخ

علامت: فاءکلمہ سے پہلے ''ت'' اور عین کلمہ کے بعد (و) زائد ہے۔

الحاق کے لیے (ت اور واو) کا اضافہ ہوا ہے۔

تیسرا باب **تَفَیْعُلٌ** جیسے **تَشَیْطُنٌ** (شیطان ہونا) **تَشَیْطَنَ یَتَشَیْطَنُ**......الخ

علامت: فاءکلمہ سے پہلے ''ت'' اور فاءکلمہ کے بعد (ی) زائد ہے۔

الحاق کے لیے (ت اور یا) کا اضافہ ہوا ہے۔

چوتھا باب **تَفَوْعُلٌ** جیسے **تَجَوْرُبٌ** (جراب پہننا) **تَجَوْرَبَ یَتَجَوْرَبُ**......الخ

علامت: فاءکلمہ سے پہلے ''ت'' اور فاءکلمہ کے بعد (و) زائد ہے۔

الحاق کے لیے (ت اور واو) کا اضافہ ہوا ہے۔

پانچواں باب **تَفَعْنُلٌ** جیسے **تَقَلْنُسٌ** (ٹوپی پہننا) **تَقَلْنَسَ یَتَقَلْنَسُ**......الخ

علامت: فاءکلمہ سے پہلے ''ت'' اور عین کلمہ کے بعد (ن) زائد ہے۔

الحاق کے لیے (ت اور ن) کا اضافہ ہوا ہے۔

چھٹا باب تَمَفْعُلٌ جیسے تَمَسْكُنٌ (مسکین ہونا) تَمَسْكَنَ يَتَمَسْكَنُ......الخ

علامت: فاء کلمہ سے پہلے ''ت، م'' زائد ہے۔

الحاق کے لیے ''ت اور م'' کا اضافہ ہوا ہے۔

ساتواں باب تَفَعْلُتٌ جیسے تَعَفْرُتٌ (خبیث ہونا) تَعَفْرَتَ يَتَعَفْرَتُ......الخ

علامت: فاء کلمہ سے پہلے اور لام کلمہ کے بعد ''ت'' زائد ہے۔

الحاق کے لیے ''دو تاء'' کا اضافہ ہوا ہے۔

آٹھواں باب تَفَعْلِيٌ جیسے تَقَلْسِيٌ (ٹوپی پہننا) تَقَلْسىٰ يَتَقَلْسىٰ......الخ

علامت: فاء کلمہ سے پہلے ''ت'' اور لام کلمہ کے بعد ''ی'' زائد ہے۔

الحاق کے لیے ''ت اور ی'' کا اضافہ ہوا ہے۔

فائدہ اس باب کی تعلیلات قلسیٰ يُقَلسى کی طرح ہے۔

ملحق بافْعِنْلال را دو باب است......(البشریٰ: ص٤٥)

ملحق بہ اِفْعِنْلال کے ۲ باب ہیں

پہلا باب اِفْعِنْلالٌ جیسے اِقْعِنْسَاسٌ (سینہ تان کر چلنا) اِقْعَنْسَسَ يَقْعَنْسِسُ......الخ

علامت: شروع میں ہمزہ وصلی اور عین کلمہ کے بعد ''ن'' زائد ہے۔

الحاق کے لیے ہمزہ وصلی، ن اور س کا اضافہ ہوا ہے۔

دوسرا باب اِفْعِنْلاءٌ جیسے اِسْلِنْقَاءٌ (چت سونا) اِسْلَنْقىٰ يَسْلَنْقِي......الخ

علامت: شروع میں ہمزہ وصلی اور عین کلمہ کے بعد ''ن'' اور لام کلمہ کے بعد ''ی'' زائد ہے۔

الحاق کے لیے ہمزہ وصلی، ن اور ی کا اضافہ ہوا ہے۔

تعلیلات: اس باب کا مصدر اِسْلِنْقَاءٌ اصل میں اِسْلِنْقَایٌ تھا دعاء کے قانون سے یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا۔ باقی صیغوں کی تعلیلات قلسیٰ يُقَلسى کی طرح ہیں

ملحق بِافْعِلَّال را یک باب ست......(البشریٰ: ص٤٦)

ملحق بہ اِفْعِلَّال کا ۱ باب ہے

باب اِفْوِعْلَالٌ جیسے اِكْوِهْدادٌ (کوشش کرنا)

علامت: فاءکلمہ کے بعد ''وْ'' زائد ہے اور لام کلمہ مکرر ہے۔

الحاق کے لیے ہمزہ وصلی، واور د کا اضافہ ہوا ہے۔

صرف صغیر: اِکْوَهَدَّ يَكْوَهِدُّ اِكْوِهْدَادً فهو مُكْوَهِدٌّ الأمر منه اِكْوَهِدَّ اِكْوَهِدِّ اِكْوَهْدِدْ والنهى عنه لَاتَكْوَهِدَّ لَاتَكْوَهِدِّ لَاتَكْوَهْدِدْ

تعلیلات: اس باب کی تعلیلات باب اِقْشَعَرَّ کی طرح ہیں۔

دربیان حقیقت الحاق وتحقیق ملحقیت تمسکن واخواتش...... (البشریٰ: ص٤٦)

فائدہ صرف کی بڑی کتابوں میں رباعی کے ملحقات زیادہ ہیں لیکن مصنفؒ نے صرف مشہور ملحقات پر اکتفاء کیا ہے۔

درباب تمفُعُل خلجان کردہ اند...... (البشریٰ: ص٤٦)

باب تَمَفْعُلٌ...... جیسے تَمَسْكَنٌ کو اکثر صرفی حضرات نے ملحق نہیں مانا ہے کیونکہ الحاق کے لیے فاءکلمہ سے پہلے سوائے تاء کے کوئی اور حرف زائد نہیں کیا جاتا، یہاں پر میم بھی زائد ہے، تاء بھی صرف مطاوعت کے لیے لایا جاتا ہے تاکہ فعل ثانی دلالت کرے کہ فعل اول کے مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کیا ہے جیسے: عَلَّمتُ زيدًا فتعلَّمَ میں نے زید کو سکھایا پس وہ سیکھ گیا، اسی وجہ سے صاحب منشعب نے اس باب کو شاذ/غلط قرار دیا ہے اور مولانا عبدالعلی صاحب نے رباعی مزید کا باب "تدحرج" ہی قرار دیا۔

ان حضرات کی دلیل کا جواب: یہ کہنا کہ فاءکلمہ سے پہلے سوائے تاء کے کوئی اور حرف زائد نہیں کیا جاتا، یہ صحیح نہیں، کیونکہ صاحب فصول اکبری نے بہت ساری مثالیں دی ہیں جس میں فا سے پہلے تاء کے علاوہ اور حروف کا اضافہ ہے، جیسے نَرْجَسَ نَفْعَلَ فاء سے پہلے ''ن'' زائد ہے۔

مصنفؒ کا اپنا مذہب: باب تَمَفْعُلٌ (تَمَسْكُنٌ) ملحق ہی ہے اور ملحق ہونے پر دلیلیں دی ہیں:

پہلی دلیل: میں الحاق کی شرطیں بیان کی ہیں،

❶ ثلاثی مزید فیہ رباعی کے وزن پر ہو، جیسے تمسکن بروزن تفعلل

❷ دونوں کی خاصیت اور معنی ایک ہوں۔ یہاں پر بھی تسربل کی خاصیت کے علاوہ اور کوئی خاصیت نہیں پائی جاتی، لہٰذا معلوم ہوا کہ یہ ملحق ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ ملحق کا اپنے اصل مادہ کے ساتھ معنی کے اعتبار سے تین دلالات (مطابقی،

تضمنی، التزامی) میں سے کسی ایک دلالت کے طور پر مناسبت ہونا ضروری ہے اور یہاں مناسبت بھی ہے یعنی ملحق تمسکن (مسکین ہونا) کا مادہ سکون (حرکت نہ کرنا) کے ساتھ دلالت التزامی کے طور پر مناسبت موجود ہے۔ کیونکہ مسکین بھی پیسے نہ ہونے کی وجہ سے حرکت نہیں کر سکتا۔ اور لفظ مسکین میں بھی میم زائد ہے اور یہ مِفْعِيلٌ کے وزن پر ہے۔

فائدہ: صاحب شافیہ ...... (البشریٰ: ص۴۷)

فائدہ صاحب شافیہ نے **باب تفعل وتفاعل** کو **تَفَعْلُلٌ** کے ساتھ ملحق مانا ہے، لیکن باقی محققین نے اس پر رد کیا ہے اور کہا ہے کہ اگر چہ یہ دونوں رباعی کے وزن پر ہیں لیکن اس میں ملحق کے باقی شرائط نہیں پائے جاتے۔

فائدہ: حضرت استاذی ...... (البشریٰ: ص۴۷)

قاعدہ نمبر 1 غیر ثلاثی مجرد کے مصادر کیلئے

❶ مصدر کے آخر میں تاء زائدہ ہو اور فاء کلمہ مفتوح ہو، تو ساکن اول کے بعد والا حرف "مفتوح" ہوتا ہے، جیسے مُفَاعَلَة، فَعْلَلَة اور اس کے ملحقات جیسے: جَلْبَبَةٌ

❷ مصدر کے فاء کلمہ سے پہلے تا ہو اور فاء کلمہ مفتوح ہو، تو ساکن اول کے بعد والا حرف "مضموم" ہوتا ہے، جیسے **تَفَاعُلٌ، تَفَعُّلٌ، تَسَرْبُل** اور اس کے ملحقات جیسے: **تَشَيْطُنٌ**

❸ مصدر کے فاء کلمہ سے پہلے تا ہو اور فاء کلمہ ساکن ہو، تو ساکن اول کے بعد والا حرف "مکسور" ہوتا ہے، جیسے تَصْرِيْفٌ

❹ مصدر کے شروع میں ہمزہ وصلی ہو، تو ساکن اول کے بعد والا حرف "مکسور" ہوتا ہے، جیسے اِجْتِنَابٌ

اِفَّعُلٌ، اِفَّاعُلٌ: اصل میں **تَفَعُّلٌ تَفَاعُلٌ** ہیں اور یہ دونوں ہمزہ وصلی کے ابواب میں سے نہیں اس وجہ سے یہ قاعدہ جاری نہیں ہوا۔

❺ مصدر کے شروع میں ہمزہ قطعی ہو، تو ساکن اول کے بعد والا حرف "مفتوح" ہوتا ہے، جیسے اِكْرَامٌ

در یں قاعدہ وجہ ضبط حرکت مابعد ساکن اول بالخصوص ایں ست...... (البشریٰ: ص ٤٨)

مصنفؒ نے ساکن اول کے مابعد والی حرکت کو خصوصیت کے ساتھ اس لئے ذکر کیا ہے کیونکہ اکثر لوگ ساکن اوّل کے بعد والی حرکت میں غلطی کرتے ہیں۔ جیسے مناسَبَت کو مناسِبَت پڑھتے ہیں وغیرہ

قاعدہ برائے ضبط حرکت عین مضارع معلوم درابواب غیر ثلاثی مجرد...... (البشریٰ: ص ٤٨)

قاعدہ نمبر 2 غیر ثلاثی مجرد کے مضارع معلوم کے عین کلمہ کی حرکت کیلئے

ماضی میں فاء کلمہ سے پہلے تاء ہوتو مضارع میں عین کلمہ مفتوح ہوتا ہے۔ جیسے تَفَعَّلَ یَتَفَعَّلُ ، تَفَاعَلَ یَتَفَاعَلُ ،تَفَعْلَلَ یَتَفَعْلَلُ اور اس کے ملحقات۔ اور اگر ماضی میں فاء کلمہ سے پہلے تاء نہ ہوتو مضارع کا عین کلمہ مکسور ہوگا۔ جیسے ان ابواب کے علاوہ باقی سب ابواب کا مضارع مکسور العین ہے۔

نقشہ باب سوم

باب سوم: میں ۳ فصل ہیں۔

باب جاری ہے

فصل اول: ۲ قسم پر ہے

قسم اول: مہموز کے قواعد

1. رَاسٌ ، زِیبٌ ، بُوسٌ
2. اٰمَنَ ،اُوْمِنَ ،اِیْمَاناً
3. جُوَنٌ ،مِیَرٌ
4. جَاءٍ ،اَوَادِمُ
5. مَقْرُوَّةٌ ، خَطِیَّةٌ ، اُفَیِّسٌ
6. خَطَایَا
7. یَسَلُ
8. افعال رؤیَةٌ
9. بین بین قریب/بعید
10. أَوُنْتُمْ ، آأَنْتُمْ

قسم دوم: مہموز کی گردان

مہموز الفاء

1. ازباب نصر الاخذ
2. ازباب ضَرَبَ الأسر
3. ازباب افتعال الأیتمار
4. ازباب استفعال الاستیذان

مہموز العین

1. ازباب فتح سَئَلَ
2. ازباب ضرب زَئَرَ
3. ازباب سمع سَئِمَ
4. ازباب کرم لَؤُمَ

مہموز اللام

1. ازباب ضرب هنأ
2. ازباب سمع صدئ
3. ازباب فتح قرأ
4. ازباب کرم جرؤ
5. ازباب نصر عبأ

باب جاری ہے
فصل دوم: ۵ قسم پر ہے
فصل دوم جاری ہے
قسم اول
معتل کے قواعد
مثال کے قواعد:
❶ یَعِدُ ، یَهَبُ
❷ عِدَةٌ ، زِنَةٌ
❸ مِیْعَادٌ ، مُوْسِرٌ ، قُوْتِلَ
❹ اِتَّقَدَ ، اِتَّسَرَ
❺ اُقِّتَتْ ، اِشَاحٌ
❻ اَوَاصِلُ ، اُوَیْصِلٌ
اجوف کے قواعد
❶ قَالَ ، بَاعَ
❷ یَقُوْلُ ، یَبِیْعُ ۔ یُقَالُ ، یُبَاعُ
❸ قِیْلَ ، بِیْعَ
ناقص کے قواعد
❶ یَدْعُوْ ، یَرْمِیْ
❷ دُعِیَ ، دَاعِیَةٌ
❸ نَهُوَ
❹ قِیَامٌ ، حِیَاضٌ
❺ سَیِّدٌ
❻ دِلِیٌّ
❼ اَدْلٍ ، اَظْبٍ
❽ قَائِلٌ ، بَائِعٌ
❾ شَرَائِفُ
❿ دُعَاءٌ
⓫ یُدْعٰی
⓬ مَحَارِیْبُ ، ضُوَرِبَ
⓭ حُبْلَیَانِ ، حُبْلَیَاتٌ
⓮ کَیْنُوْنَةٌ
⓯ جَوَارٍ
⓰ دُنْیَا ، تَقْوٰی
قسم دوم
مثال کی گردانیں
مثال واوی
ازباب ضَرَبَ الْوَعْدُ وَالْعِدَةُ
ازباب سمع اَلْوَجَلُ
ازباب سمع اَلْوَسْعُ والسَّعة
ازباب فتح الهبة
ازباب حسب الومق والمقة
ازباب افعال ایقادًا
ازباب افتعال اَلْاِتِّقَادُ
ازباب استفعال استیقاد
مثال یائی
ازباب ضرب اَلْمَیْسِرُ
ازباب افتعالِ اَلْاِتِّسَارُ
قسم سوم
اجوف کی گردانیں
اجوف واوی
ازباب نَصَرَ القول
ازباب استفعال الاِسْتِقَامَةُ
ازباب افعال الاقَامَةُ
ازباب افتعال اَلْاِقْتِیَادُ
اجوف یائی
ازباب ضَرَبَ البیع
ازباب سمع الخوفُ
ازباب سمع النَّیْلُ
ازباب افتعال الاختیار
ازباب استفعال الاِسْتِخَارَةُ

قسم چہارم
ناقص کی گردانیں
ناقص واوی
ازباب نَصَرَ اَلدُّعاءُ
ازباب سمع اَلرِّضیٰ
ازباب افتعال اَلْاِحْتِبَاءُ
ازباب انفعال اِنْمِحاءٌ
ازباب افعال اَلْاِعْلَاءُ
ازباب استفعال الاستعلاء
ازباب تفعیل التسمیۃُ
ازباب تفاعل التعالی
ازباب مفاعلۃ مغالاۃ
ازباب تفعل التعلی
ناقص یائی
ازباب ضرب اَلرمیُ
ازباب سمع اَلْخَشْیَۃ
ازباب افتعال اَلْاِجْتِبَاءُ
ازباب انفعال اِنْبِغَاءُ
ازباب استفعال الاِسْتِغْنِاءُ
ازباب افعال اَلْاِغْنَاءُ
ازباب تفعیل التلقیۃ
ازباب مفاعلۃ مراماۃٌ
ازباب تفعل التمنی
ازباب تفاعل التماری
لفیف کی گردانیں
لفیف مقرون
ازباب ضرب اَلطَّیُّ
ازباب افتعال اَلْاِلْتِوَاءُ
ازباب انفعال الاِنْزِوَاءُ
ازباب افعال الاِرْوَاءُ
ازباب تفعیل التقویۃ
ازباب تفعیل التحیۃ
ازباب تفعل :التقوی
ازباب تفاعل التساوی
لفیف مفروق
ازباب ضرب اَلْوِقَایَۃُ
ازباب حسب اَلْوَلَایَۃ
ازباب افعال اَلْاِیْلَاءُ
ازباب مفاعلہ مواراۃ
ازباب تفعل التولی
ازباب تفاعل التوالی
قسم پنجم
مہموز اور معتل کے مرکب ابواب
مہموز الفاء واجوف واوی ازباب نَصَرَ اَلْاَوْلُ
مہموز الفاء واجوف یائی ازباب ضَرَبَ اَلْاَیْدُ
مہموز الفاء وناقص واوی ازباب نَصَرَ اَلْاَلْوُ
مہموز الفاء وناقص یائی ازباب ضَرَبَ اَلْاِتْیَانُ
مہموز الفاء وناقص یائی ازباب فتح الاباء
مہموز الفاء ولفیف مقرون ازباب ضَرَبَ اَلْاَیُّ
مہموز العین مثال واوی ازباب ضَرَبَ اَلْوَأْدُ
مہموز العین ناقص یائی ازباب فَتَحَ اَلرُّؤْیَۃ
مہموز اللام واجوف یائی ازباب ضَرَبَ اَلْمَجِیْئُ
فصل سوم: ۲ قسم پر ہے
قسم اول
قسم دوم
مضاعف کے قواعد وگردانیں
مضاعف کی گردانیں
ازباب نَصَرَ اَلْمَدُّ
ازباب ضَرَبَ اَلْفِرَارُ
ازباب سَمِعَ اَلْمَسُّ
ازباب افتعال اَلْاِضْطِرَارُ
ازباب انفعال اَلْاِنْسِدَادُ
ازباب استفعال اَلْاِسْتِقْرَارُ
ازباب افعال الامداد
ازباب تفعیل وتفعل تجدیدا/تجدّدًا
ازباب مفاعلۃ اَلْمُحَاجَّۃُ
مضاعف کے قواعد
❶ مَدَّ ، شَدَّ
❷ مَدَّ ، فَرَّ
❸ یَمُدُّ ، یَفِرُّ
❹ حَاجَّ ، مُوَدَّ
❺ مُدَّ ، فِرَّ
مرکبات مضاعف ومہموز ومعتل
مہموز الفاء ومضاعف ازباب نَصَرَ اَلْاِمَامَۃُ
مثال واوی ومضاعف ازباب سَمِعَ اَلْوُدُّ
مہموز الفاء ومضاعف ازباب افتعال اَلْاِیْتِمَامُ
❶ حروف یرملون قاعدہ
❷ حروف غیر یرملون قاعدہ

باب سوم میں ۳ فصل ہیں۔

فائدہ ہمزہ کی تغیر کو "**تخفیف**" حرف علت کی تغیر کو "**اعلال**" اور ایک حرف کو دوسرے میں ضم کرنے، مشدد کرنے کو "**ادغام**" کہا جاتا ہے۔

فصل اول: در مہموز مشتمل بر دو قسم ...... (البشریٰ: ص ۴۹)

قسم اول مہموز کے قواعد

قاعدہ نمبر 1 رَاسٌ ، زِیْبٌ ، بُوْسٌ والا

ہمزہ منفردہ ساکنہ ہو اور ماقبل متحرک ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت سے تبدیل کرنا جائز ہے، جیسے رَأْسٌ، زِئْبٌ ،بُؤْسٌ سے رَاسٌ ،زِیْبٌ ،بُوْسٌ

قاعدہ نمبر 2 اٰمَنَ ،اُوْمِنَ ،اِیْمَاناً والا

ہمزہ ساکنہ، ہمزہ متحرکہ کے بعد ایک کلمہ میں واقع ہو تو ہمزہ ساکنہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے أَأْمَنَ ،أُأْمِنَ ، اِئْمَاناً سے اٰمَنَ ،اُوْمِنَ ،اِیْمَاناً

قاعدہ نمبر 3 جُوَنٌ ،مِیَرٌ والا

ہمزہ منفردہ مفتوحہ کو ضمہ کے بعد واو سے، کسرہ کے بعد یا سے تبدیل کرنا جائز ہے، جیسے جُؤَنٌ سے جُوَنٌ مِئَرٌ سے ، مِیَرٌ

قاعدہ نمبر 4 جَاءٍ ،اَوَادِمُ والا

دو متحرک ہمزہ میں سے کوئی ایک مکسور ہو تو دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کرنا واجب، جیسے۔ جَاءِءٌ سے جَاءِیٌ جو بعد میں جاءٍ ہو جاتا ہے ،اَئِمَّۃٌ سے اَیِمَّۃٌ ۔اور اگر مکسور نہ ہو تو واو سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے اَءَادِمُ سے اَوَادِمُ

فائدہ اس قاعدہ کے وجوبی حکم سے صرف اَئِمَّۃٌ مستثنیٰ ہے یعنی ائمۃ کی ہمزہ ثانیہ کو یاء سے تبدیل کرنا جائز ہے واجب نہیں کیونکہ بعض قراءت متواترہ میں اَئِمَّۃٌ آیا ہے۔

قاعدہ نمبر 5 مَقْرُوَّۃٌ ، خَطِیَّۃٌ ، اُفَیِّسٌ والا

ہمزہ جب واو یا یاء مدہ زائدہ یا پھر یاء تصغیر کے بعد واقع ہو تو ایسے ہمزہ کو اپنے ماقبل والے حرف کی جنس سے تبدیل کر کے ادغام کرنا جائز ہے، جیسے مَقْرُوْءَۃٌ سے مَقْرُوَّۃٌ ، خَطِیْئَۃٌ سے خَطِیَّۃٌ، اُفَیْئِسٌ سے اُفَیِّسٌ

قاعدہ نمبر 6 خَطَایَا والا

ہمزہ الف مفاعل کے بعد یاء سے پہلے واقع ہو تو ہمزہ کو یاء سے تبدیل کرنا اور مابعد ہمزہ کے یاء کو الف سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے خطایا اصل میں خَطَایِئُ تھا شرائف کے قاعدہ سے خطاءِءُ ہوا، پھر (جاءٍ قاعدہ سے ہمزہ ثانیہ یاء سے تبدیل ہوا) تو خَطَائِیُ ہوا، پھر اسی خطایا قاعدہ سے خَطَایِیُ ہوا۔ قال باع قاعدہ سے آخری یاء کو الف سے تبدیل کیا تو خطایا ہوا۔

قاعدہ نمبر 7 یَسَلُ والا

ہمزہ متحرکہ حرف ساکن کے بعد واقع ہو اور یہ ساکن واو، یاء مدہ زائدہ اور تصغیر میں سے نہ ہو تو ہمزہ کو حذف کر کے حرکت ماقبل کو دینا جائز ہے، جیسے یَسْئَلُ سے یَسَلُ، قدْاَفْلَحَ سے قَدَفْلَحَ، یَرْمِیْ اَخَاہُ سے یَرْمِیَخَاہُ

قاعدہ نمبر 8 افعال رؤیۃٌ والا

مادہ رویۃ کے مصدر میمی، اسم الہ اور اسم مفعول میں ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دینا جائز ہے، جیسے مَرْاًی سے مَرًی، مِرْاٰۃٌ سے مِرَاۃٌ مَرْئِیٌّ سے مَرِیٌّ

قاعدہ نمبر 9 بین بین قریب ، بین بین بعید والا

ہمزہ کو اپنے مخرج اور حرکت کے موافق حرف علت (واو، الف، یاء) کے مخرج کے درمیان پڑھنا **بین بین قریب** کہلاتا ہے، جیسے سَئَلَ، سَئِمَ، لَؤُمَ

ہمزہ کو اپنے مخرج اور ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت (واو، الف، یاء) کے مخرج کے درمیان پڑھنا، **بین بین بعید** کہلاتا ہے، جیسے سَئَلَ، سَئِمَ، لَؤُمَ

قاعدہ نمبر 10 أَوَنْتُمْ ، أَاَنْتُمْ والا

ہمزہ استفہام جب ہمزہ قطعی پر داخل ہو جائے تو تین صورتیں جائز ہیں۔

1. دوسرے ہمزہ کو اٰوَادِمُ کے قاعدہ کے مطابق حرف علت سے بدلنا، جیسے أَأَنْتُمْ سے اَوَنْتُمْ
2. بین بین والا قاعدہ بھی جائز ہے۔
3. دونوں ہمزوں کے درمیان الف لانا، جیسے أَأَنْتُمْ سے أَاَنْتُمْ

قسم دوم درگردان ہائے مہموز...... (البشریٰ: ص ٥٢)

قسم دوم مہموز کی گردان

مہموز الفاء

مہموز فاء ازباب نَصَرَ......جیسے اَلْاَخْذُ (پکڑنا)

صرف صغیر: اَخَذَ یَاْخُذُ اَخْذًا فَھُوَ اٰخِذٌ وَاُخِذَ یُؤْخَذُ اَخْذًا فَھُوَ مَاخُوْذٌ اَلْاَمْرُ مِنْہُ خُذْ وَالنَّھْیُ عَنْہُ لَاتَاْخُذْ اَلظَّرْفُ مِنْہُ مَاخَذٌ وَالْاٰلَۃُ مِنْہُ مِیْخَذٌ وَمِیْخَذَۃٌ وَ مِیْخَاذٌ وَتَثْنِیَتُھُمَا مَاْخَذَانِ وَمِیْخَذَانِ وَالْجَمْعُ مِنْھُمَا مَاخِذُ وَمَا خِیْذُ وَاَفْعَلُ التَّفضیل منہ اٰخَذُ والمؤنّث منہ اُخْذٰی وتثنیتھُمَا اٰخَذَانِ وَاُخْذَیَانِ والجَمْعُ منْھُمَا اٰخَذُونَ وَ اَوَاخِذُ وَاُخَذُ وَاُخْذَیَاتٌ۔

تعلیلات: امر "خُذْ" کثرت استعمال کی وجہ سے خلاف قانون خُذْ ہوا، قیاس کا تقاضا یہ تھا کہ اُوْمِنَ قاعدہ سے دوسرا ہمزہ واو سے تبدیل ہوکر اُوْخُذْ ہو جاتا۔ باب اَکَل یأکُل کا امر بھی خلاف قیاس کُلْ ہے۔ لیکن باب اَمَرَ یأمُرُ کا امر میں ہمزہ کا حذف کرنا اور باقی رکھنا دونوں جائز ہیں، جیسے مُرْ یا اُوْمُرْ جو اصل میں "اُءْمُرْ" تھا اومن قاعدہ سے دوسرا ہمزہ واو سے تبدیل ہوکر اُوْمُر ہوا۔

مضارع معلوم اور مجہول کے تمام صیغوں میں سوائے واحد متکلم کے رَأْسٌ بِیْرٌ بُوْس کا قاعدہ جاری ہوا ہے۔ جیسے یَأْخُذُ سے یَاخُذُ .یُؤْخَذُ سے یُوْخَذُ۔ مضارع معلوم اور مجہول کے صیغے، واحد متکلم میں اٰمَنَ کا قاعدہ جاری ہوتا ہے، جیسے اَءْخُذُ سے اٰخُذُ ،اُؤْخَذُ سے اُوْخَذُ۔

اسم مفعول کے تمام صیغوں میں رَأْسٌ بِیْرٌ بُوْس کا قاعدہ جاری ہوا ہے، جیسے: مَأْخُوْذٌ سے مَاخُوْذٌ ۔ اسم ظرف کے واحد، تثنیہ میں رَأْسٌ بِیْرٌ بُوْس کا قاعدہ جاری ہوا ہے، جیسے: مَأْخَذٌ سے مَاخَذٌ۔

اسم آلہ کے واحد، تثنیہ میں رَأْسٌ بِیْرٌ بُوْس کا قاعدہ جاری ہوا ہے، جیسے: مِأْخَذٌ سے مِیْخَذٌ ۔

اسم تفضیل مذکر کے واحد، تثنیہ اور جمع سالم میں اٰمَنَ اُوْمِنَ کا قاعدہ جاری ہوا ہے، جیسے اَءْخَذُ سے اٰخَذُ۔

اسم تفضیل جمع مذکر مکسر میں اَوَادِم کا قاعدہ جاری ہوا ہے، جیسے اَءَاخِذُ سے اَوَاخِذُ

مہموز فاء از باب ضَرَبَ......جیسے اَلْاَسْرُ (قید کرنا) اَسَرَ یَأْسِرُ اَسْرًا

اس باب کا امر اِیْسِرْ اصل میں اِئْسِرْ تھا، ایمانًا کے قاعدہ سے ہمزہ یاء سے تبدیل ہوا۔ باقی صیغوں کی تعلیلات باب اخذ کی طرح ہیں۔

باب سَمِعَ، فَتَحَ، کَرُمَ کی گردانیں اسی طریقہ پر کرلینی چاہئیں۔

مہموز فاء از باب افتعال......جیسے اَلْاِیْتِمَارُ (فرمانبرداری کرنا)

صرف صغیر: اِیْتَمَرَ یَاْتَمِرُ اِیْتِمَارًا فَھُوَ مُؤْتَمِرٌ وَاُوْتُمِرَ یُؤْتَمَرُ اِیْتِمَارًا فَھُوَ مُؤْتَمَرٌ اَلْاَمْرُ مِنْہُ اِیْتَمِرْ وَالنَّھْیُ عَنْہُ لَاتَاْتَمِرْ اَلظَّرْفُ مِنْہُ مُؤْتَمَرٌ۔

تعلیلات: اس باب کے مصدر، ماضی معلوم مجہول، مضارع معلوم مجہول کے واحد متکلم کے صیغہ میں اور امر حاضر کے صیغہ میں اٰمَنَ اُوْمِنَ اِیْمَانًا کا قاعدہ جاری ہوا ہے۔ مصدر جیسے اِئْتِمَارًا سے اِیْتِمَارًا، ماضی معلوم اور مجہول جیسے اِئْتَمَرَ سے اِیْتَمَرَ، اُئْتُمِرَ سے اُوْتُمِرَ، مضارع واحد متکلم جیسے اَئْتَمِرُ سے اٰتَمِرُ، اُؤْتَمَرُ سے اُوْتَمَرُ، امر جیسے اِئْتَمِرْ سے اِیْتَمِرْ۔

مضارع معلوم میں رَأس کا قاعدہ جاری ہوا ہے، جیسے: یَأْتَمِرُ سے یَاتَمِرُ

مضارع مجہول، اسم فاعل، اسم مفعول، ظرف میں بُؤس کا قاعدہ جاری ہوا ہے، جیسے یُؤْتَمَرُ سے یُوْتَمَرُ، مُؤْتَمِرٌ سے مُوْتَمِرٌ، مُؤْتَمِرٌ سے مُوْتَمِرٌ، مُؤْتَمَرٌ سے مُوْتَمَرٌ

مہموز فاء از باب استفعال......جیسے: اَلِاسْتِیْذَان (اجازت چاہنا) اور افعال، تفعیل، مفاعلہ، تفعل، تفاعل کی گردانیں اسی طریقہ پر کرلینی چاہئیں۔

فائدہ در مہموز عین از ثلاثی مجرد...... (البشریٰ: ص ٥٤)

فائدہ ثلاثی مجرد سے مہموز العین کے ماضی میں "بین بین" قاعدہ جاری ہوتا ہے، باب فتح یفتح جیسے سَئَلَ، باب ضرب یضرب جیسے زَئَرَ، باب سمع یسمع: جیسے سَئِمَ، باب کرم یکرم: جیسے لَؤُمَ،

مضارع میں "یسئَلُ کا قاعدہ" جاری ہوتا ہے۔ باب فتح یفتح: جیسے یَسَلُ......باب ضرب یضرب: جیسے یَزِرُ......باب سمع یسمع: جیسے یَسَمُ......باب کرم یکرم: جیسے یَلُمُ۔

البتہ امر میں یسل کا قاعدہ جاری کرنے کے بعد ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ ہونے کی وجہ سے گر جائے گی۔

جیسے سَلُ سَلا سَلُوا ، زِرْزِرَا زِرُوا، سَمْ سَمَا سَمُوا، لَمْ لَمَا لَمُوا

ثلاثی مزید سے مہموز عین کے ابواب میں بھی قواعد کا اجراء اسی طرح ہے۔

فائدہ در مہموز لام با کثر صیغ ...... (البشریٰ: ص٥٤)

فائدہ مہموز اللام کے اکثر صیغوں میں "بین بین" کا قاعدہ جاری ہوتا ہے، جیسے: قَرَءَ یَقْرَأُ

ماضی مجہول کے بعض صیغوں میں "جُوَنٌ مِیرٌ" کا قاعدہ جاری ہوتا ہے، جیسے: قُرِئَ سے قُرِیَ۔

کبھی کبھار ماضی معلوم اور مضارع معلوم میں بھی "جُوَنٌ مِیرٌ" کا قاعدہ جاری ہوتا ہے، جیسے:

بَرِئَ سے بَرِیَ ،یُبَرِّءَانِ سے یَبَرِّیَانِ

امر حاضر کے بعض اور مضارع مجزوم کے تمام صیغوں میں "راسٌ بُوسٌ" کا قاعدہ جاری ہوتا ہے، جیسے اِقْرَأْ سے اِقْرَا ،اُرْدُءْ سے اُرْدُوْ، مضارع مجزوم جیسے لَمْ یقْرأْ سے لَمْ یَقْرَا

باقی ابواب کی گردانیں اسی طریقہ پر کر لینی چاہئیں۔

فصل دوم در معتل مشتمل بر پنج قسم...... (البشریٰ: ص ٥٥)

قسم اول مثال کے قواعد

قاعدہ نمبر 1 یَعِدُ ،یَھَبُ والا

ہر ایسا واو جو مضارع میں حرف اتین مفتوح اور کسرہ کے درمیان، یا حرف اتین اور ایسے کلمہ کے فتحہ کے درمیان واقع ہو جس کا عین یا لام کلمہ حروف حلقی ہو تو اس واو کو حذف کرنا واجب ہے، جیسے **یَوْعِدُ** سے **یَعِدُ**،**یَوْهَبُ** سے **یَهَبُ**،**یَوْسَعُ** سے **یَسَعُ**۔

قاعدہ نمبر 2 عِدَةٌ ،زِنَةٌ والا

ہر وہ مصدر جس کے فا کلمہ میں واو ہو اور مصدر **فِعْلٌ** کے وزن پر ہو تو اس واو کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء متحرکہ لانا واجب ہے، جیسے وِعْدٌ سے عِدَةٌ ،وِزْنٌ سے زِنَةٌ،وِسْعٌ سے سِعَةٌ

اگر مضارع مفتوح العین ہو تو مصدر کے عین کلمہ کو فتحہ دینا بھی جائز، جیسے وِسْعٌ سے سَعَةٌ

قاعدہ نمبر 3 مِیْعَادٌ ، مُوْسِرٌ ، قُوْتِلَ والا

واو ساکن غیر مدغم کو کسرہ کے بعد یاء سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے **مِوْعَادٌ** سے **مِیْعَادٌ** ۔یاء ساکن غیر مدغم کو ضمہ کے بعد واو سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے **مُیْسِرٌ** سے **مُوْسِرٌ** ۔اور الف کو ضمہ کے بعد واو سے اور کسرہ کے بعد یاء سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے قَاتَلَ سے قُوْتِلَ ۔مِحْرَابٌ سے مَحَارِیْبُ

قاعدہ نمبر 4 اِتَّقَدَ ،اِتَّسَرَ والا

واو اور یاء باب افتعال کے فاء کلمہ میں ہو اور تبدیل شدہ نہ ہو، تو اس واو اور یاء کو تاء کر کے تاء کو تاء میں ادغام کرنا واجب ہے، جیسے **اِوْتَقَدَ** سے **اِتَّقَدَ** ۔**اِیْتَسَرَ** سے **اِتَّسَرَ**

قاعدہ نمبر 5 اُقِّتَتْ ، اِشَاحٌ والا

واو مضموم یا مکسور کلمہ کی ابتداء میں آجائے تو ہمزہ سے تبدیل کرنا جائز ہے۔وُقِّتَتْ سے اُقِّتَتْ ، وُجُوْهٌ سے اُجُوْهٌ ،وِشَاحٌ سے اِشَاحٌ اگر کلمہ کی ابتداء واو یا یاء مفتوح ہو تو ہمزہ سے بدلنا شاذ ہوگا، جیسے وَحَدٌ سے اَحَدٌ وَنَاةٌ سے اَنَاةٌ

اگر واو مضموم کلمہ کے درمیان میں آجائے تب بھی ہمزہ سے تبدیل کرنا جائز ہے، جیسے اَدْوُرٌ سے اَدْءُرٌ

قاعدہ نمبر 6 اَوَاصِلُ ، اُوَیصِلٌ والا

دو واو متحرک کلمہ کی ابتداء میں آجائے تو پہلے واو کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے

وَوَاصِلُ سے اَوَاصِلُ وُوَیْصِلٌ سے اُوَیْصِلٌ

قاعدہ ۷: واو و یائے متحرک بعد فتح الف شود بشروط...... (البشریٰ: ص۵۷)

اجوف کے قواعد

قاعدہ نمبر 1 قَالَ ، بَاعَ والا

واو اور یاء کو چند شرائط کے ساتھ الف سے تبدیل کرنا واجب ہے۔

۱ واو اور یاء متحرک ہوں۔
۲ ماقبل مفتوح ہو۔
۳ فا کلمہ میں نہ ہوں۔
۴ لفیف کے عین کلمہ میں نہ ہوں۔
۵ الف تثنیہ سے پہلے نہ ہوں۔
۶ مدہ زائدہ سے پہلے نہ ہوں۔
۷ یائے مشدد سے پہلے نہ ہوں۔
۸ نون تاکید ثقیلہ اور خفیفہ سے پہلے نہ ہوں۔
۹ وہ کلمہ لون یا عیب والا نہ ہو۔
۱۰ فعلان کے وزن پر نہ ہو۔
۱۱ فعلی کے وزن پر نہ ہو۔
۱۲ فعلۃ کے وزن پر نہ ہو،
۱۳ وہ کلمہ ایسے باب افتعال سے نہ ہو جو تفاعل کے معنی میں ہو۔

جیسے قَوَلَ ،، بَیَعَ سے قَالَ، بَاعَ...... دَعَوَ ، رَمَیَ سے دَعَا۔رَمیٰ...... بَوَبٌ،نَیَبٌ سے بَابٌ،نَابٌ

فائدہ دَعَوُا، یَخْشَوْنَ، تَخْشَوْنَ۔ تَخْشَیْنَ میں واو اور یا مدہ زائدہ سے پہلے واقع ہوئے ہیں اس کے باوجود قاعدہ جاری ہوا ہے کیونکہ ان میں کوئی مدہ زائدہ نہیں بلکہ واو اور یاء مستقل الگ کلمہ (ضمیر فاعل) ہے۔

فائدہ مذکورہ قاعدہ میں اس الف کے بعد کوئی ساکن واقع ہو جائے، یا فعل ماضی کی تانیث ہو تو اس صورت میں الف اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر جاتا ہے، جیسے دَعَوَتْ سے دَعَاتْ پھر دَعَتْ۔ دَعَوُوْ اور تَرْضَیِیْنَ سے دَعَاوْا، تَرْضَایْنَ پھر الف حذف ہونے کے بعد دَعَوْا، تَرْضَیْنَ۔ دَعَوَتَا سے دَعَاتَا پھر دَعَتَا۔

فائدہ اجوف واوی ویائی اگر مفتوح العین یا مضموم العین ہو اور الف اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا ہو تو ماضی کے جمع مؤنث غائب کے صیغہ سے لیکر آخر تک فاء کلمہ کو ضمہ دیا جاتا ہے۔ جیسے قُلْنَ، طُلْنَ اور اگر اجوف واوی مکسور العین ہو یا پھر اجوف یائی ہو (خواہ ماضی مفتوح العین ہو یا مضموم العین) تو فاء کو کسرہ دیا جاتا ہے، جیسے خِفْنَ اور بِعْنَ

قاعدہ نمبر 2 یَقْوُلُ، یَبْیِعُ۔ یُقَالُ، یُبَاعُ والا

واو اور یاء متحرک ہوں، ماقبل ساکن ہو تو اس واو اور یاء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دینا واجب۔ پھر اگر واو اور یاء مضموم یا مکسور ہوں تو نقلِ حرکت کے بعد کوئی تبدیلی نہیں کرینگے۔ جیسے یَقْوُلُ سے یَقُوْلُ یَبْیِعُ سے یَبِیْعُ۔ اور اگر مفتوح ہوں تو نقل حرکت کے بعد واو اور یاء کو الف سے تبدیل کیا جائے گا، جیسے یُقْوَلُ سے یُقَالُ، یُبْیَعُ سے یُبَاعُ

اس قانون کے کچھ شرائط اور احترازی مثالیں

1. واو فاء کلمہ میں نہ ہو، احترازی مثال مَنْ وَّعَدَ
2. لفیف کے عین کلمہ میں نہ ہو، احترازی مثال یَطْوِیْ، یَحْیٰ
3. واو اور یاء کے بعد مدہ زائدہ نہ ہو، احترازی مثال مِقْوَالٌ، تِبْیَانٌ
4. رنگ اور عیب کا معنی اس میں نہ ہو، احترازی مثال یَعْوَرُ، اَسْوَدُ
5. اسم تفضیل مذکر کا صیغہ نہ ہو، احترازی مثال اَقْوَلُ، اَبْیَعُ
6. فعل تعجب کا صیغہ نہ ہو، احترازی مثال مَاأَقْوَلَه، اَقْوِلْ بِه

۷ ملحق باب کا صیغہ نہ ہو، احترازی مثال جَهْوَرَ ، شَرْيَفَ

فائدہ مذکورہ قاعدہ میں جب واو اور یاء میں نقل حرکت کے بعد کوئی ساکن ہو تو مضموم اور مکسور ہونے کی صورت میں واو اور یاء بذات خود گر جاتے ہیں۔ جیسے يَقُوْلَنَ يَبْيِعْنَ سے يَقُلْنَ ، يَبِعْنَ ، اور مفتوح ہونے کی صورت میں وہ الف جو اس واو یا یاء سے بنا ہے وہ گر جاتا ہے۔ يُقْوَلْنَ ، يُبْيَعْنَ سے يُقَلْنَ ، يُبَعْنَ۔

فائدہ اسم مفعول مدہ زائدہ کی شرط سے مستثنیٰ ہے جیسے مَقْوُوْلٌ ، مَبْيُوْعٌ سے مَقُوْلٌ ، مَبِيْعٌ

قاعدہ نمبر 3 قِيْلَ ، بِيْعَ والا

اجوف کے ماضی مجہول کے عین کلمہ میں جب واو اور یاء واقع ہو اور ماقبل بھی متحرک ہو تو تین صورتیں جائز ہیں۔

۱ واو اور یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے واو اور یاء کی حرکت ماقبل کی طرف نقل کرنا جائز پھر اگر عین کلمہ میں واو ہو تو یاء سے بدل جاتا ہے اگر عین کلمہ میں یاء ہو تو اپنی حالت پر باقی رہتا ہے، جیسے قُوِلَ سے قِيْلَ ، بُيِعَ سے بِيْعَ ، اُخْتُيِرَ سے اُخْتِيْرَ ، اُنْقُوِدَ سے اُنْقِيْدَ

۲ واو اور یاء کو ساکن کرنا بھی جائز ہے، اس صورت میں یاء واو ہو جاتا ہے جبکہ ماقبل مضموم ہو، جیسے بُيِعَ سے بُوْعَ ، اور واو اپنی حالت پر باقی رہتا ہے، جیسے قُوِلَ سے قُوْلَ

۳ واو اور یاء کی حرکت ماقبل کو دینے کے بعد اشمام بھی جائز، یعنی آواز کے بغیر صرف ہونٹوں سے حرکت کی طرف اشارہ کرنا۔

فائدہ ماضی مجہول جمع مؤنث غائب سے لے کر آخر تک فاء کلمہ کو ضمہ دیا جائے گا بشرطیکہ اس کی ماضی معلوم اجوف واوی مفتوح العین ہو، جیسے قُوِلْنَ سے قُلْنَ، اور فاء کو کسرہ دیا جائے گا بشرطیکہ ماضی معلوم مکسور العین ہو یا اجوف یائی ہو، جیسے خُوِفْنَ سے خِفْنَ

فائدہ باب استفعال کے ماضی مجہول میں عین کلمہ کی حرکت جو ماقبل کی طرف نقل کی جاتی ہے وہ یقول یبیع والے قاعدہ سے ہے، اسی وجہ سے اس میں قیل کی تمام صورتیں اور اشمام جاری نہیں ہوں گی۔

قاعدہ۱۰: واو ویائے لام فعل بعد کسرہ وضمہ ...... (البشریٰ: ص ٦٠)

ناقص کے قواعد

قاعدہ نمبر 1 يَدْعُوْ، يَرْمِيْ والا

۱ واو ماقبل مضموم، یاماقبل مکسور ہوتو اس کی حرکت وجوبی طور پر حذف ہوکر یاء اورواو دونوں ساکن ہوجاتے ہیں، جیسے يَدْعُوُ سے يَدْعُوْ ، يَرْمِيُ سے يَرْمِيْ اگر ماقبل مفتوح ہوتوواواور یاء الف سے تبدیل ہوجاتے ہیں، جیسے يَخْشَيُ سے يَخْشىٰ، يَرْضَوُ سے يَرْضىٰ

۲ واو ماقبل مضموم کے بعد ایک اورواو جوساکن ہو، یاماقبل مکسور کے بعد ایک اور یاء ہو جوساکن ہوتو نقل حرکت کے بعد اجتماع ساکنین ہوکرواواور یاء گرجاتے ہیں، جیسے يَدْعُوُوْنَ سے يَدْعُوْنَ ۔ تَرْمِيِيْنَ سے تَرْمِيْنَ

۳ واو، ضمہ اور یاء کے درمیان ہو، یا کسرہ اورواو کے درمیان ہوتو ماقبل کوساکن کرکے واواور یاء کی حرکت ماقبل کودیتے ہیں پھر میعاد کا قاعدہ جاری ہوگا، جیسے تَدْعُوِيْنَ سے تَدْعِيْنَ ، يَرْمِيُوْنَ سے يَرْمُوْنَ

قاعدہ نمبر 2 دُعِيَ ، دَاعِيَةٌ والا

واولام کلمہ میں ماقبل مکسور ہوکرواقع ہوجائے تو واوکو یاء سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے دُعِوَ سے دُعِيَ ،دَاعِوَةٌ سے دَاعِيَةٌ

قاعدہ نمبر 3 نَهُوَ والا

یاء لام کلمہ میں ماقبل مضموم ہوکرواقع ہوجائے تو یاء کوواو سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے نَهُيَ سے نَهُوَ

قاعدہ نمبر 4 قِيَامٌ ،حِيَاضٌ والا

واومصدر کے عین کلمہ میں ماقبل مکسور ہوکرواقع ہواور مصدر کے فعل میں تعلیل ہوئی ہوتو واوکو یاء سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ جیسے قِوَاماً سے قِيَاماً۔ صِوَاماً سے صِيَاماً

اورواوجمع کے عین کلمہ میں ماقبل مکسور ہوکرواقع ہواوراس جمع کے واحد میں واوساکن ہو یا واحد میں اس پر قانون جاری ہوا ہو، تب بھی واوکو یاء سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے حِوَاضٌ سے حِيَاضٌ ، جِوَادٌ سے جِيَادٌ

قاعدہ نمبر 5 سَیِّدٌ والا

جب واو اور یا ایک کلمہ میں جمع ہو جائیں جبکہ یہ دونوں کسی اور حرف سے تبدیل شدہ نہ ہو اسی طرح ملحق کلمہ میں نہ ہو اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واو یاء میں مدغم ہو جاتا ہے، سَیْوِدٌ سے سَیِّدٌ اور اگر ماقبل ضمہ ہو تو وہ کسرہ سے تبدیل ہو جاتا ہے، جیسے مَرْمُوْیٌ سے مَرْمِیٌّ ، مُضُوْیٌ سے مُضِیٌّ
اِیْـوِ میں یاء تبدیل ہوا ہے چونکہ اصل میں ہمزہ تھا اس لئے اس میں قاعدہ جاری نہیں ہوا۔ اور ضَیْوَنٌ ملحق ہونے کی وجہ سے اس میں قاعدہ جاری نہیں ہوا ہے۔

قاعدہ نمبر 6 دِلِیٌّ والا

وزن فـعـول کے آخر میں دو واو آجائے تو دونوں واو یاء ہو کر ادغام ہو جاتے ہیں، اور ماقبل کا ضمہ کسرہ ہو جاتا ہے، اور فاء کلمہ کو بھی کسرہ دینا جائز ہے، جیسے دُلُوْوٌ سے دُلِیٌّ اور دِلِیٌّ دونوں جائز ہے۔

قاعدہ نمبر 7 اَدْلٍ ،اَظْبٍ والا

(۱) اسم متمکن کے لام کلمہ میں واو ماقبل مضموم ہو کر واقع ہو، تو ضمہ کو کسرہ سے اور واو کو یاء سے تبدیل کیا جاتا ہے، پھر یا التقائے ساکنین کی وجہ سے گر جاتی ہے، جیسے اَدْلُوٌ سے اَدْلٍ ،تَـعَـلُّـوٌ ، تَعَالُوٌ سے تَعَلٍّ تَعَالٍ

(۲) اور اگر لام کلمہ میں یاء ہو تب بھی ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر کے یاء کو ساکن کیا جاتا ہے، جیسے اَظْبِیٌ سے اَظْبٍ

قاعدہ نمبر 8 قَائِلٌ ، بَائِعٌ والا

واو اور یاء اسم فاعل کے عین کلمہ میں ہوں اور اس کے فعل میں تعلیل ہوئی ہو تو اس واو اور یاء کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے قَاوِلٌ،بَایِعٌ سے قَائِلٌ ، بَائِعٌ

قاعدہ نمبر 9 شَرَائِفُ والا

الف مفاعل کے بعد حروف علت میں سے کوئی زائد ہو کر واقع ہو تو اس حرف علت کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے عَجَاوِزُ سے عَجَائِزُ ، شَرَایِفُ سے شَرَائِفُ،رِسَالَۃٌ سے رَسَائِلُ

فائدہ مَصَائِبُ میں یاء اصلی ہے پھر بھی یاء کو ہمزہ سے تبدیل کرنا شاذ ہے۔

قاعدہ نمبر 10 دُعَاءٌ والا

واواور یاءالف زائد کے بعد کلمہ کے آخر میں واقع ہو تو اس واواور یاء کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے دُعَاوٌ سے دُعَاءٌ، اَسمَاوٌ سے اَسمَاءٌ، رِدَاوٌ سے رِدَاءٌ

قاعدہ نمبر 11 يُدْعىٰ والا

ہر وہ واو جو چوتھی جگہ، پانچویں جگہ یا چھٹی جگہ واقع ہو، اور ضمہ اور واو ساکن کے بعد نہ ہو تو اس واو کو یاء سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے يُدْعَوَانِ سے يُدْعَيَانِ، اَعْلَوْتُ سے اَعْلَيْتُ، تَعَالَوْتُ سے تَعَالَيْتُ، اِسْتَعْلَوْتُ سے اِسْتَعْلَيْتُ

فائدہ مَدَاعِيٌّ اسم آلہ جمع ہے اصل میں مَدَاعِيُوْ تھا، محققین صرفیوں کے نزدیک اسی يُدْعىٰ قاعدہ سے تبدیل ہوا ہے سیدٌ کے قاعدہ سے نہیں، کیونکہ اس میں سید کے شرائط نہیں پائے جاتے۔

قاعدہ نمبر 12 مَحَارِيْبُ، ضُوْرِبَ والا

الف ضمہ کے بعد واو ہو جاتا ہے اور کسرہ کے بعد یا ہو جاتا ہے، جیسے ضَارَبَ سے ضُوْرِبَ، مِحْرَابٌ سے مَحَارِيْبُ۔

قاعدہ نمبر 13 حُبْلَيَانِ، حُبْلَيَاتٌ والا

الف زائدہ کو الف تثنیہ، الف جمع مؤنث سالم سے پہلے یاء سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے حُبْلىٰ سے حُبْلَيَانِ، حُبْلَيَاتٌ

قاعدہ نمبر 14 بِيْضٌ، حِيْكىٰ والا

ہر ایسا یاء جو فُعْلٌ جمع کے عین کلمہ میں ہو یا فعلی صفتی کے عین کلمہ میں ہو تو یاء ساکنہ کے ماقبل کے کسرہ کو ضمہ سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے بُيْضٌ سے بِيْضٌ، حُيْكىٰ سے حِيْكىٰ

اور اگر یاء فُعْلىٰ اسمی کے عین کلمہ میں ہو تو یاء واو سے تبدیل ہو جاتی ہے اور ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل نہیں کیا جاتا، جیسے طُيْبىٰ سے طُوبىٰ، كُيْسىٰ سے كُوْسىٰ

فائدہ طُوبىٰ، كُوْسىٰ اگرچہ اسم تفضیل سے تعلق رکھتے ہیں لیکن اسم کے قائمقام ہونے کی وجہ سے یہ قاعدہ جاری ہوا ہے۔

قاعدہ نمبر 15 كَيْنُوْنَةٌ والا

مصدر فَعْلُوْلَةٌ کے عین کلمہ کے واو کو یاء سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے كَوْنُوْنَةٌ سے كَيْنُوْنَةٌ

قاعدہ نمبر 16 جَوَارٍ والا

ہر وہ جمع جو افاعل ، مفاعل کے وزن پر ہو اور لام کلمہ میں یا ہو تو تین صورتیں جائز ہیں۔

❶ حالت رفع وجر میں یاء ساکن ہو جاتی ہے جبکہ جمع مضاف یا معرف باللام ہو۔ جیسے هٰذِهِ الْجَوَارِیْ، هذه جَوَارِیْكُمْ ۔مَرَرْتُ بِالْجَوارِیْ ،مَرَرْتُ بِجَوَارِیْكُمْ

❷ حالت رفع وجر میں یا حذف ہو جاتی ہے جبکہ جمع مضاف یا معرف باللام نہ ہو، اور یا کی تنوین عین کلمہ کو مل جاتی ہے۔ جیسے هذه جَوَارٍ ، مَرَرْتُ بِجَوَارٍ

❸ حالت نصب میں یاء مفتوح ہو جاتی ہے، چاہے جمع مضاف یا معرف باللام ہو یا نہ ہو، جیسے رَاَیْتُ الْجَوَارِیَ ۔رَاَیْتُ جَوَارِیْكُمْ

فائدہ ہر وہ لفظ جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو اگرچہ جمع نہ ہو تو اس صورت میں بھی یہ قاعدہ جاری ہوگا۔ جیسے قاضٍ، رامٍ

قاعدہ نمبر 17 دُنْيَا ، تَقْویٰ والا

❶ فُعْلیٰ اسمی کے لام کلمہ میں واو یاء سے تبدیل ہو جاتا ہے لیکن فعلیٰ صفتی میں نہیں، جیسے دُنْویٰ سے دُنْيَا

❷ فُعْلیٰ اسمی کے لام کلمہ میں یاء واو سے تبدیل ہو جاتا ہے، جیسے تَقْیٰ سے تَقْویٰ

قسم دوم درصرف مثال...... (البشریٰ: ص ٦٥)

قسم دوم مثال کی گردانیں

مثال واوی

مثال واوی ازباب ضَرَبَ یَضرِبُ......جیسے الْوَعْدُ وَالْعِدَةُ (وعدہ کرنا)

صرف صغیر: وَعَدَ یَعِدُ وَعْدًاوَعِدَةً فَهُوَوَاعِدٌ وَوُعِدَ یُوْعَدُ وَعْدًاوَعِدَةً فَهُوَمَوْعُوْدٌ الامرمنه عِدْ والنهی عنه لَاتَعِدْ الظرف منه مَوْعِدٌ والالة منه مِیْعَدٌ وَمِیْعَدَةٌ وَمِیْعَادٌ وتثنیتهمامَوْعِدَانِ وَمِیْعَدَانِ والجمع منهما مَوَاعِدُ وَمَوَاعِیْدُ وافعل التفضیل منه اَوْعَدُ والمؤنث منه وُعْدیٰ وتثنیتهمااَوْعَدَانِ وَوُعْدَیَانِ والجمع منهمااَوْعَدُوْنَ وَاَوَاعِدُ وَوُعَدٌ وَوُعْدَیَاتٌ۔

تعلیلات: مضارع معلوم کے تمام صیغوں میں واو ''یعدُ'' کے قاعدہ سے حذف ہوا ہے۔

عدةٌ مصدر سے واو ''عدة'' کے قاعدہ سے حذف ہوا ہے۔

ماضی مجہول کے تمام صیغوں میں واو کو ''اجوہ اشاح'' کے قاعدہ سے ہمزہ سے بدلنا جائز ہے جیسے وُعِدَ سے اُعِدَ۔

اسم تفضیل مؤنث میں واو کو ''اقتت'' کے قاعدہ سے ہمزہ سے بدلنا جائز ہے، جیسے وُعْدیٰ سے اُعْدیٰ

اسم فاعل مکسر اور تصغیر میں دو متحرک واو میں سے پہلے واو کو ہمزہ سے تبدیل کیا جاتا ہے، جیسے وَوَاعِدُ سے اَوَاعِدُ وُوَیْعِدٌ سے اُوَیْعِدٌ۔

اسمِ آلہ کے صیغوں میں ''میعدة میعاد'' کے قاعدہ سے واو کو یاء سے تبدیل کیا جاتا ہے اور اسم آلہ کی تصغیر اور مکسر کے صیغہ میں تعلیل کی علت ختم ہونے کی وجہ سے واو دوبارہ لوٹ آتا ہے، جیسے مُویعِدٌ، مَوَاعِیدُ

مثال واوی از سمع یسمع......جیسے اَلْوَجْلُ (ڈرنا) وَجَلَ یَوْجِلُ وجَلًا......الخ

فائدہ اس باب کی تعلیلات وعدیعد کی طرح ہیں البتہ تین جگہ میں فرق ہے۔

① وَعَدَ کے مصدر میں ''عِدَۃٌ'' کا قاعدہ جاری ہوتا ہے اور ''وجل'' کے مصدر میں نہیں۔

② وَعَدَ کے مضارع معلوم میں ''یعد'' کا قاعدہ جاری ہوتا ہے اور ''وجل'' کے مضارع معلوم میں نہیں۔

③ وَعَدَ کے امر حاضر میں ہمزہ وصلی نہیں آتا اور ''میعاد'' کا قاعدہ بھی جاری نہیں ہوتا ہے جبکہ ''وجل'' کے امر حاضر معلوم میں ہمزہ وصلی بھی ہوتا ہے اور ''میعاد'' کا قاعدہ بھی جاری ہوتا یعنی اِوْجَلْ سے اِیْجَلْ پڑھا جاتا ہے۔

مثال واوی از سمع یسمع ......جیسے اَلْوَسْعُ والسَّعۃ (گنجائش رکھنا) وَسِعَ یَسَعُ وسعاً وسَعَۃً......الخ

مثال واوی از فتح یفتح ......جیسے الھبۃ (بخشنا) وَھَبَ یَھَبُ ھِبَۃً......الخ

مثال واوی از حسب یحسب ......جیسے الومق والمقۃ (محبت کرنا) وَمِقَ یَمِقُ ومقاً ومقۃً......الخ

ان تینوں باب کے صیغوں کی تعلیلات وعدیعد کی طرح ہیں۔

مثال واوی از باب افتعال...... اَلْاِتِّقَادُ (آگ کا بھڑکنا)

صرف صغیر: اِتَّقَدَ یَتَّقِدُ اِتِّقَادًافھُوَمُتَّقِدٌ وَاُتُّقِدَ یُتَّقَدُ اِتِّقَادًافھُوَمُتَّقَدٌ الامرمنه اِتَّقِدْ والنھی عنه لَاتَتَّقِدْ الظَّرف منه مُتَّقَدٌ مُتَّقَدانِ مُتَّقَدَاتٌ۔

مثال واوی از باب استفعال...... استیقاد (آگ روشن کرنا) استوقد یستوقد استیقادًا ......الخ

مثال واوی از باب افعال...... اِیْقَادًا (آگ روشن کرنا) اَوْقَدَ یُوْقِدُ اِیْقَادًا ......الخ

ان دو باب میں صرف ایک قانون میعادٌ جاری ہوا ہے۔

مثال یائی

مثال یائی از ضرب یضرب ......جیسے اَلْمَیْسِرُ (جوا کھیلنا) یَسَرَ یَیْسِرُ مَیْسِرًا......الخ

فائدہ اس باب کے مضارع مجہول میں ''موسر'' کے قاعدہ سے یاء واو ہوگئی ہے، باقی صیغوں

میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی ہے۔جیسے یُیْسَرُ سے یُوْسَرُ

مثال یائی از باب افتعال...... اَلْاِتِّسَارُ (جوا کھیلنا) اِتَّسَرَ یَتَّسِرُ اِتِّسَارًا ......الخ

ان دو باب میں صرف ایک تعلیل ہوتی ہے یعنی واو اور یاء کو تاء سے تبدیل کر کے ادغام کیا گیا ہے۔

قسم سوم در صرف اجوف واوی...... (البشریٰ: ص٦٨)

قسم سوم اجوف کی گردانیں

اجوف واوی

اجوف واوی از باب نَصَرَ یَنْصُرُ......جیسے اَلْقَوْلُ (کہنا)

صرف صغیر: قَالَ یَقُوْلُ قَوْلًا فَھُوَ قَائِلٌ وَقِیْلَ یُقَالُ قَوْلًا فَھُوَ مَقُوْلٌ الامر منه قُلْ والنھی عنه لَاتَقُلْ الظرف منه مَقَالٌ والالة منه مِقْوَلٌ وَمِقْوَالٌ وتثنیتھما مَقَالَانِ وَمِقْوَلَانِ والجمع منھما مَقَاوِلُ وَمَقَاوِیْلُ وافعل التفضیل منه اَقْوَلُ والمؤنث منه قُوْلیٰ وتثنیتھما اَقْوَلَانِ وَقُوْلَیَانِ والجمع منھما اَقْوَلُوْنَ وَاَقَاوِلُ وَقُوَلٌ وَقُوْلَیَاتٌ۔

تعلیلات: اسم آلہ مِقْوَلٌ ، مِقْوَلَۃٌ میں واو کی حرکت یقال بیاع قاعدہ سے ماقبل کو اس لئے نہیں دی کیونکہ اس میں یہ شرط تھی کہ واو، یاء کے بعد مدہ زائدہ نہ ہو جیسے یہاں ہے، اس وجہ سے یہ قاعدہ جاری نہیں ہوا۔

ماضی معلوم کی گردان میں قَال سے قَالَتَا تک ''قال باع'' کا قاعدہ جاری ہوا ہے۔قَالَتَا کے بعد سے آخر تک واو اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف ہو کر قاف مضموم ہو گیا ہے۔

ماضی مجہول کی گردان میں قیل سے قیلتا تک ''قیل بیع'' کا قاعدہ جاری ہوا ہے۔قلن سے آخر تک یاء اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف ہو کر قاف مضموم ہو گیا ہے۔

مضارع معلوم کی گردان کے تمام صیغوں میں ''یقول یبیع'' کا قاعدہ جاری ہوا ہے، اور یَقُلْنَ ، تَقُلْنَ میں واو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا ہے۔

مضارع مجہول کی گردان میں مضارع مجہول کے تمام صیغوں میں ''یقال یباع '' کا قاعدہ جاری ہوا ہے اور واو یُقَلْنَ ، تُقَلْنَ میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا۔

نفی جحد کے صیغوں میں لَمْ یَقُلْ اور اس کے اخوات یعنی لَمْ تَقُلْ لَمْ اَقُلْ لَمْ نَقُلْ میں اور لَمْ یُقَلْ

اوراس کے اخوات میں الف التقائے ساکنین کی وجہ سے گر گیا ہے، باقی تعلیلات مضارع کی طرح ہیں۔

اجوف کے امر حاضر معلوم کو مضارع سے بنانے کے دو طریقے ہیں: مضارع کے تعلیل شدہ صیغے (تَـقُوْلُ) سے بنانا، کہ تَـقُوْلُ علامت مضارع کو حذف کیا مابعد متحرک تھا ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی پھر آخر کو وقف کیا تو التقائے ساکنین ہوا قُوْلْ تو واو کو حذف کیا، قُلْ ہوا

قبل التعلیل (تَـقْوُلُ) سے بنانا علامت مضارع کو حذف کر کے ہمزہ مضمومہ شروع میں لایا عین کلمہ کے مضموم ہونے کی وجہ سے اور آخر کو وقف کیا تو اُقْـوُلْ ہوا، ''یـقـول یبـع'' کے قاعدہ سے واو کی حرکت ماقبل کو دی اُقُوْلْ ہوا التقائے ساکنین ہونے کی وجہ سے واو اور شروع سے ہمزہ وصلی کو گرایا قُلْ ہوا۔

فائدہ جو واو الف التقائے ساکین کی وجہ سے گر گیا تھا وہ نون ثقیلہ وخفیفہ میں دوبارہ لوٹ آتا ہے جیسے قُلْ سے قُوْلَنَّ اور قُوْلَنْ

اسم فاعل کے صیغوں میں ''قائل بائع'' کے قاعدہ سے واو ہمزہ سے تبدیل ہوا ہے۔

